جملہ حقوق پاکستان و ہندوستان میں محفوظ رجسٹرشدہ ہیں۔

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَعَلِّمُوْہُ فَاِنَّہٗ نِصْفُ الْعِلْمِ

الحمدُ للّٰہ کہ

مجموعہ فتاوائے فرائض حنفیہ جس میں جزئیات میراث کو اس طرح ضبط کیا گیا ہے۔ کہ مسائل میراث بلا تکلف باد نے تامل مبتدیان بشورت مفتی و مجتہد اپنی مطلوبہ جزئی فرائض کے متعلق فیصل شدہ فتویٰ تلاش کر سکتا ہے۔ اور یہ مؤلف کی خاص جدت طبع کا نتیجہ ہے۔ کہ انہوں نے لامحدود جزئیات کو محدود کر کے دکھا دیا ہے۔

والتوفیق من اللہ العزیز

المسمیٰ بہ

خَزِینَۃُ المِیرَاث ادبریہ

مؤلفہ و مصنفہ

حضرت مولانا مولوی محمد فتیح الدین صاحب مرحوم اذبر حنفی القادری خر شاہی

مصنف کتاب العطایا۔ نقشۃ الزواید الفرائض۔ صفوۃ المصادر عربیہ شرح ترکیب دیباچہ گلستان۔ و مقدمۃ التفسیر روح الایمان و تفسیر روح الایمان جس کی ہر ایک جلد کے پیش گاہ سرکار نظام دکن سے نقد پانسو روپیہ کا عطیہ مقرر ہے۔

بعد از حقوق تالیف دائمی

مولوی محمد اسمٰعیل دندان ساز کشمیری بازار لاہور نے ۱۳۶۹ھ مطابق ۱۹۴۹ء میں شائع کی۔

ملنے کا پتہ:۔ قریشی بک ایجنسی کشمیری بازار لاہور

اور

شیخ الٰہ بخش جان محمد تاجر کتب کشمیری بازار لاہور۔

(قیمت ۴ روپے)

عرضِ حال

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

خاکسار کی ایک عرصہ سے یہ خواہش تھی۔ کہ علم میراث میں کوئی ایسی کتاب طبع کرائی جائے جس میں ترکہ میت کے وارثوں کے شرعی حصے اس طور پر توضیح و تفصیل سے بیان کئے گئے ہوں۔ کہ ہر ایک شخص جو فطرت سلیم و طبع مستقیم رکھتا ہو۔ اور اردو لکھا پڑھا ہو۔ اپنے حصہ و حق شرعی کو بخوبی معلوم کر سکے۔ خدا کا ہزار ہزار شکر ہے جس نے خاکسار کو اپنی آرزو میں کامیاب کیا۔ اگرچہ علمائے شریعت نے اس علم شریف کے متعلق بہت سے مختلف کتب و رسائل کو اپنی اپنی استعداد کے موافق شائع کیا۔ لیکن پھر بھی جو اصل کمی تھی وہ پوری نہ ہو سکی۔ یعنی ہر معمولی تعلیم یافتہ شخص اپنے تمام حصص شرعی کو اچھی طرح سے معلوم کر سکے۔ نہ کر سکتا تھا۔ چنانچہ اکثر لوگ ناواقفی کے سبب سے ترکہ میت سے محروم رہ جاتے ہیں۔ اور وہ لوگ جن کو ترکہ میت سے از روئے شریعت اسلامیہ کوئی واسطہ نہیں۔ بیوجہ ترکہ میت کے مالک بن جاتے ہیں۔ اس کمی کو کتاب ہذا نے نہایت اچھی طرح سے پورا کر دیا۔ حق بحق دار رسید کے مضمون کو پوری طرح سے ادا کر دیا ہے۔ خاکسار اس کتاب کے متعلق اپنی کوئی رائے ظاہر نہیں کرتا۔ کتاب آپ کے روبرو ہے۔ اس کے مطالعہ سے آپ خود اس کے بے مثل ہونے کی شہادت دیں گے۔ اور مجھے کامل امید ہے۔ کہ آپ کتاب کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھیں گے۔ اور مولف اور خاکسار کو دعاءِ خیر سے یاد فرماویں گے۔

ملنے کا پتہ:۔ خاکسار محمد اسمٰعیل (منشی فاضل)
دندان ساز کشمیری بازار لاہور

تصحیح

باب دوم تین وارث ہیں

۱۔ فصل ۹ سے فصل ۱۶ تک صفحہ ۴۸، ۴۹ پر دیکھیں
۲۔ فصل ۱۷ سے فصل ۱۹ تک صفحہ ۴۶ و ۴۷ پر دیکھیں
۳۔ فصل ۲۰ سے فصل ۲۷ تک صفحہ ۵۲ و ۵۳ پر دیکھیں
۴۔ فصل ۲۸ سے فصل ۳۶ تک صفحہ ۵۰ و ۵۱ پر دیکھیں

نوٹ: صفحہ ۵۲-۵۳ کاتب نے دو دفعہ شمار کیا ہے۔ مسئلہ دیکھتے وقت اس بات کا خیال فرمائیں۔

باب چہارم پانچ وارثوں میں

۵۔ فصل ۲۵۰ سے ۲۵۲ تک صفحہ ۱۳۴ پر دیکھیں
۶۔ فصل اول سے ۷ تک صفحہ ۱۳۴ پر دیکھیں۔
۷۔ فصل ۸ سے ۱۸ تک صفحہ ۱۳۳ پر دیکھیں
۸۔ فصل ۱۹ سے ۳۰ تک صفحہ ۱۳۵ پر دیکھیں
۹۔ فصل ۳۱ سے ۴۲ تک صفحہ ۱۳۶ پر دیکھیں۔
۱۰۔ فصل ۴۳ سے ۵۳ تک صفحہ ۱۳۷ پر دیکھیں
۱۱۔ فصل ۵۴ سے ۶۳ تک صفحہ ۱۳۸ پر دیکھیں
۱۲۔ فصل ۶۴ سے ۷۴ تک صفحہ ۱۳۹ پر دیکھیں
۱۳۔ فصل ۷۵ سے آگے مسلسل صفحہ ۱۴۰ پر دیکھیں

صفحہ	فصل	سطر	غلط	صحیح
۳۴	۲	۲۶	×	۱
۳۴	۲۰	۴۳	مقرب لہٗ	مقرلہٗ
۳۳	۱	۳	س	اس
۳۳	۲	۲	کیونکہ	چونکہ
۳۳	۱	۴	جاتا	جاتا ہے
۳۷	۷	۸	ماں	×
۴۰	۱۶	۱۴	۳	×
۴۵	۱۷	۱	×	۲
۵۰	۲۸	۴	۲	۵
"	"	"	"	۵
۵۲	۲۱	۸	۱۶	۲۸
۵۳	۲۵	۸	۱	۲
۵۷	۵۸	۱	×	۶
"	۵۶	۱	پڑھتا	پڑتی
۶۰	۷۵	۲	×	۱۰

صفحہ	فصل	سطر	غلط	صحیح
۶۱	۷۸	×	۷۹	۷۸
۶۲	۸۱	۱۳	۷	۶
۶۳	۸۳	۳	۸	۱۸
۶۴	۸۸	۱۰ و ۱۱	۶	۳
۶۶	۹	۲۲	×	۳۰
"	"	۲۳	×	۲
۶۸	۱۷	۷-۶-۵	×	۱-۱-۱
"	۱۹	۲	×	۶
۷۰	۲۹	۲	×	۶
۷۱	۳۳	۵	۲	۶
۷۴	۵۲	۱	۶	۷
۷۵	۵۷	۱	×	۱
"	"	۲	×	۲
۸۲	۹۶	"	۸۶	۹۶
"	۹۷	۱	۴۸	۶۴

صفحہ	فصل	سطر	غلط	صحیح
۸۳	۹۹	۱	۴	۲۴
۸۴	۱۰۲	۳	۱۸	۸
"	"	۴	۱۶	۱۵
۸۷	۱۱۸	۶	۱۵	۱۶
۹۱	۱۳۸	۲	۱۱	۱
۹۷	۱۷۹	۳	۵	۹
۹۸	۱۹۲	×	×	۱۹۲
۱۰۳	۲۲۲	۵	۶	۱
"	"	"	۷	۶
۱۰۴	۲۲۸	۵	۲	۱
"	"	"	۱	۲
"	۲۳۱	۳	۳	۱
۱۰۹	۲۲	۲	۱۵	۱۳
۱۱۰	۳۳	۲	×	۱
"	۳۶	۵	۲	۳
۱۱۱	۲۷	۳	۸	۱۸
۱۱۱	۴۵	۴ تا ۸	×	۲
۱۱۲	۵۸	۴	بہن۔	بھائی
"	۵۴	۲	×	۱۳
۱۱۳	۶۷	۳	×	بہن
۱۱۶	۹۵	۳	×	۱
۱۲۱	۱۳۸	۲	۱۱	۱۶
۱۲۱	۱۳۶	۱	پوتی	پوتا
۱۲۲	۱۴۹	۴	۱۲	۱۶
۱۲۴	۱۶۵	۷	۳۱	۳۲
"	"	"	۴۵	۴۸
۱۲۷	۱۸۶	۴	۱۱	۱۳
۱۲۸	۲۰۲	۱ تا ۴	×	۱
۱۲۹	۲۰۶	۲	×	۱۲
"	۲۰۷	۴	×	۱
۱۳۰	۲۲۴	۳	۱۸	۱۲
"	۲۲۵	۱	×	۲
۱۳۱	۲۲۹	۴	×	[illegible]
"	"	۱ تا ۳	×	۱۲، ۱۳
۱۳۳	۱۸	×	×	فصل ۱۸
۱۳۴	۱	۱	×	۲
"	"	۲	×	۱
"	"	۳	×	۲ ای تا ۴

صفحہ	فصل	سطر	غلط	صحیح
۱۳۵	۲۸	۱ و ۲	×	۱۳ و ۱۴
۱۳۷	۴۵	۱۱	×	۲
"	"	۲	×	۵
"	"	۳ تا ۶	×	۱۲ باقی فرو
۱۳۸	۵۴	۱	×	۳
"	"	۲	×	۱۲
"	"	۳ تا ۶	×	۹
"	"	۷	×	۱۸
"	"	۸	×	۳
"	"	۹ تا ۱۲	"	۱۲

۱۴۱	۹۵	۳	×	۱۲	۸	۲۴	۲	۱
۱۴۱	۹۵	۴	×		۳	۲	۶	×

۱۴۵ خاتمہ ۱۱ × ابن بنت ابنت

نوٹ:۔ فروغ کی جگہ فروع پڑھیں

صفحہ	فصل	سطر	غلط	صحیح
۱۴۴	حاشیہ	سطرا	بیٹی	پوتی
۱۶۴	×	۱۰	×	۱، ۲
۱۶۵	۳	۷	×	خالہ
"	۲	۹	خالہ ۱ا	خالہ لہ
۱۷۰	×	۱۳	حیا	الاحیا
۱۷۱	×	۱۶	×	ۃ
۱۷۲	×	۱۵	×	اسلام
۱۷۵		۱۱	حال	خال

ملنے کا پتہ

مولوی محمد اسمٰعیل دوکان دندان ساز

کشمیری بازار لاہور

چوک پرانی کوتوالی ——— لاہور

فہرست مضامین خزینۃ المیراث

استخراج مسئلہ کا طریقہ

بہتر یہ ہے۔ کہ مسئلہ نکالنے سے پہلے کتاب ہذا میں سے نقشہ حاجب ومحجوب اور نقشہ ترتیب اسماء ورثا پہلے اچھی طرح سمجھ لیں۔ اور استخراج مسئلہ کی ہدایات بھی بغور مطالعہ کرلیں۔ پھر میت کی وفات کے وقت جو وارث موجود ہیں۔ ان میں سے محجوب وارثوں کو نکال دیں۔ محجوب وارث نقشہ حاجب محجوب میں درج ہیں۔ جو وارث باقی رہ جائیں۔ ان کو اس ترتیب کے مطابق جو نقشہ ترتیب اسماء میں درج ہے۔ لکھ لیں۔ یعنی جو وارث پہلے ہے۔ اسے پہلے لکھیں۔ اور اس کے ساتھ دو تین یا چار جتنے وارث ہوں۔ لکھ لیں۔ مثلاً زوج کے ساتھ دو وارث یا زوجہ کے تین وارث پھر جتنے وارث ہوں مثلاً پہلی صورت میں تین وارث ہیں۔ اور دوسری صورت میں چار ہیں۔ تو فہرست میں وہی تین یا چار وارثوں کا باب انہی معین وارثوں کی صورت دیکھ کر کتاب کا صفحہ نکالیں۔ بعینہٖ وہی صورت آپ کے سامنے لکھی ہوگی۔ مثلاً میت کے تین وارث ہیں۔ زوجہ۔ بیٹا۔ ماں۔ تو ترتیب اسماء کے مطابق زوجہ کے ساتھ دو وارث یعنی بیٹا اور ماں ہیں۔ تو فہرست میں یہی صورت دیکھ کر تین وارثوں کے باب سے نکال لیں یا زوجہ کے ساتھ تین وارث ہیں تو چار وارثوں کے باب میں دیکھیں وہی صورت مل جائے گی۔ اسی طرح تمام مسائل نکال سکتے ہیں۔ فقط۔

مثال:۔ ایک عورت ہندہ فوت ہوگئی اور اس کے پیچھے چار وارث۔ زوج۔ بیٹا۔ بیٹی۔ باپ باقی رہ گئے ہیں۔ تو زوج کے ساتھ تین وارث کی صورت چار وارث میں مل جائے گی۔

ہندہ میت

زوج	بیٹا	بیٹی	باپ	(۳۶)
۹	۱۴	۷	۶	

اگر اس صورت میں بھائی۔ بہین۔ بھتیجے۔ چچے وغیرہ ہوں۔ تو وہ محجوب ہیں۔ انہیں میت کی ترکہ سے کچھ نہیں ملتا۔ اس لئے ان کو لکھتے وقت وارثوں کی فہرست سے نکال دینا چاہیئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْاَمِيْنِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ اَقَامُوا الدِّيْنَ

اَمَّا بَعْدُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ

تم کو حکم کرتا ہے اللہ اولاد کے بارے میں کہ (ترکہ میں) مرد کا حصہ دو عورتوں

الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ

کے برابر ہے۔ پس اگر نری لڑکیاں ہوں زیادہ دو سے تو ان سب کے (ترکہ کی) دو تہائی ہیں۔ اور اگر ایک

وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ۚ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ

لڑکی ہے تو اس کے لئے آدھا ترکہ ہے۔ اور میت کے ماں باپ کیلئے ہر ایک کو دونوں میں سے ترکہ کا چھٹا حصہ ہے

اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ

بشرطیکہ میت کی کوئی اولاد ہو۔ اور اگر اس کی کوئی اولاد نہیں۔ اور اس کے وارث اسکے

الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ

ماں باپ ہیں۔ تو اس کی ماں کے لئے ایک تہائی ہے۔ پھر اگر میت کے کئی بھائی ہیں تو اس کی

يُّوْصِيْ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ اٰبَاۗؤُكُمْ وَاَبْنَاۗؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّھُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ

ماں کے لئے چھٹا حصہ ہے۔ بعد وصیت کے جو میت کر مرا ہے۔ اور بعد قرض کے تمہارے باپ بیٹے تم نہیں

نَفْعًا ۭ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ وَلَكُمْ نِصْفُ مَا

معلوم کر سکتے کہ کونسا ان میں سے تمہیں زیادہ نفع دینے والا ہے۔ یہ تقرر اللہ کی طرف سے ہے اور اللہ کو

تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ

ہر ایک شے کا علم اور حکمت معلوم ہے۔ اور تمہارے لئے نصف ہے تمہاری بیویوں کے ترکہ سے بشرطیکہ ان کی

فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ بِهَآ اَوْ

کوئی اولاد نہ ہو اور اگر ان کی اولاد ہے تو تمہارے لئے چوتھائی ہے ان کے ترکہ سے

دَيْنٍ ط وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ

بعد ادا کرنے وصیت کے جو وہ کر مری ہیں اور بعد) ادا کرنے قرض کے۔ اور بیویوں کو چوتھائی ہے۔ تمہارے ترکہ میں سے

فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ

اگر تمہاری کوئی اولاد نہیں۔ اور اگر تمہاری کوئی اولاد ہے۔ تو ان کا آٹھواں حصہ ہے۔ تمہارے

تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ط وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ

ترکہ میں سے بعد پورا کرنے وصیت کے جو تم کر گئے ہو۔ یا (بعد) ادائے قرض کے۔ اور اگر

وَّلَهٗٓ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ط فَاِنْ كَانُوْٓا

وہ مرد یا عورت کہ جسکا ورثہ لیا جاتا ہے کلالہ ہو۔ اور اس کا ایک بھائی یا بہن ہو۔ تو

اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِى الثُّلُثِ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ

ان میں سے ہر ایک کے لئے چھٹا حصہ ہے۔ اور اگر ایک سے زیادہ ہوں تو پھر وہ

يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَآرٍّ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

سب شریک ہیں تہائی میں بعد ادا کرنے وصیت کے جو کی گئی ہے یا قرض کے بغیر ضرر دینے کسی کے۔ یہ تقرر اللہ کی طرف سے ہے

حَلِيْمٌ ط وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِى

اور اللہ بہتر جاننے والا بردبار ہے (نساء) حکم پوچھتے ہیں تجھ سے تو کہہ کہ اللہ تم کو حکم بتاتا ہے کلالہ کا

ا؎ ثمن۔ اگر مرد صاحب اولاد ہے تو اس کی منکوحہ بیوی کا حق آٹھواں حصہ ہے۔ ہر جنس مال میں نقد ہو خواہ زیور یا مکان و باغ و ہتھیار وغیرہ جو کچھ کہ مرد کی ملک میں تھا۔

۲؎ کلالہ۔ میت ہے جو اپنے پیچھے باپ ماں اور بیٹا بیٹی وغیرہ اولاد کو نہ چھوڑے۔

۳؎ السدس۔ یہ میراث اخیافی بھائی بہن کی ہے۔ بھائی بہن تین قسم ہیں۔ حقیقی سگے جو ماں باپ دونوں میں شریک ہیں۔ جو بیپ ہیں۔ اور اخیافی جو صرف ماں میں شریک ہوں۔ یہ میراث انہیں تیسرے قسم کے بھائی بہنوں کی ہے۔ ایک کیلئے چھٹا حصہ اور زیادہ کے لئے تہائی۔ اور دوسرے دو قسم سگے سوتیلے بھائی بہنوں کی میراث اسی صورت کے آخر میں ہے۔

۴؎ کلالہ اسکے بارہ میں اول سورۂ نساء میں بھی حکم وارد ہوا ہے۔ کلالہ اس میت کو بھی کہتے ہیں۔ جو نہ ماں باپ چھوڑ کر مرے اور نہ اولاد یعنی جسکے وارثوں میں ماں باپ اور بیٹا نہیں جو اصل وارث ہیں۔ اور کلالہ اس وارث کو بھی کہتے ہیں۔ جو میت کے نہ ماں باپ سے ہو اور نہ اولاد میں۔ یہ کل سے مشتق ہے اور کل کہتے ہیں۔ بوجھ کو۔ چونکہ اس قسم کے شخص کو آدمی اپنی کفالت اور وراثت میں بوجھ اور بار طبع سمجھتا ہے۔ اس لئے ان کو کلالہ کہتے ہیں۔ اس آیت کلالہ سے وہ میت مراد ہے۔ جو صرف ایک بہن چھوڑے۔ پس اس بہن کیلئے نصف ترکہ ہے اور اگر دو بہنیں بھی ہوں۔ تو دو تہائی مال ان کا اور باقی دوسرے وارثوں کا ہے

الْكَلٰلَةِ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗٓ اُخْتٌ فَلَهَا

اگر کوئی ایسا شخص مرے کہ اس کی کوئی اولاد نہیں اور بہن ہے۔ تو اس بہن کے لئے آدھا ترکہ ہے

نِصْفُ مَا تَرَكَ وَهُوَ يَرِثُهَآ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ فَاِنْ كَانَتَا

اور وہ بھائی وارث ہوگا اس بہن کا۔ اگر اس بہن کی کوئی اولاد نہ ہو۔ پھر اگر دو بہنیں ہوں۔

اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ وَاِنْ كَانُوْٓا اِخْوَةً رِّجَالًا

تو ان کے لئے دو ثلث ہیں۔ ترکہ میں سے۔ اور اگر (کلالہ کے وارث) کئی بہن بھائی

وَّنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ

مرد عورت ہوں۔ تو مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصہ کے برابر ہے۔ اللہ تم سے بیان کرتا ہے۔ تاکہ گمراہ

تَضِلُّوْا وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ (نساء)

نہ ہوں۔ اور اللہ ہر شے سے واقف ہے (سورہ نساء)

وَقَالَ النَّبِىُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ

تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَعَلِّمُوْهُ فَاِنَّهٗ نِصْفُ الْعِلْمِ وَاِنَّهٗ يُنْسٰى وَهُوَ اَوَّلُ عِلْمٍ يُّنْزَعُ مِنْ اُمَّتِىْ (در منثور)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد مبارک ہے۔ کہ علم میراث کو سیکھو۔ اور دوسروں کو سکھاؤ۔ اور اس علم کے سیکھنے اور سکھانے میں اتنی محنت اور کوشش کرو جتنی کہ تم دوسرے تمام علوم کے حاصل کرنے میں کرتے ہو خبردار رہو یہ علم بھلا دیا جائے گا۔ اور اللہ تعالےٰ کی نعمتوں میں سے پہلی یہ نعمت (علم) ہے کہ میری امت سے لے لی جائے گی۔

حضور علیہ السلام کی اس پیشینگوئی کو پڑھ کر اگر کوئی مسلمان اپنے گریبان میں

ا؎ ہو۔ کہ اسیطرح اگر لاولد بہن مرے اور اس کے ماں باپ بھی نہ ہوں۔ تو کل مال کا وارث بھائی ہوگا حصہ معین نہیں فرمایا۔ اسلئے کہ وہ عصبہ ہے۔

۲؎ اخوۃ۔ اگر وارث کئی بہن بھائی یا ایک بہن اور ایک بھائی کلالہ نے چھوڑا ہے۔ تو دو ہرا حصہ بھائی کا اور اکہرا حصہ بہن کا ہوگا۔ اس جگہ بہن بھائی عینی یا علاتی مراد ہیں جیسا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ کیونکہ اخیافی بہن بھائی کا حق چھٹا حصہ ہے۔ جو پہلے کی آیت کلالہ میں مذکور ہو چکا ہے (خلاصہ کتب فقہ و تفاسیر حقانی وغیرہ)۔

جس سے عوام طالبانِ حق کیلئے تباین و تداخل کی مجہول بھلیاں۔ تعدعول کی پیچیدہ گھاٹیاں سدِ راہ نہ بن سکیں۔ لیکن میری بے بضاعتی ہر وقت اس خیال کی مانع ہوتی تھی۔ علاوہ اسکے تفسیر روح الایمان فی تشریح آیات قرآن کی جمع و تالیف بھی مجھے اس طرف متوجہ ہونے نہیں دیتی تھی۔ مگر چونکہ مشیت ایزدی میں یہ قومی خدمت میرے لئے مقرر ہو چکی تھی۔ اور اس اہم و ضروری امر نے میرے ہاتھوں سے سرانجام پانا تھا۔ لہذا ایکایک اس کتاب کی تالیف کے اسباب پیدا ہو گئے۔

سب سے پہلے اس فن میں مجھے جدول مثلث الموسوم بمرآۃ القسمت مرتبہ فاضل اجل قاضی میر فضل اللہ صاحب خلاصۂ دودمان مخدوم جہاں قطب زمان زبدۃ العارفین حضرت فقیہ علی المخدوم المہائمی کی ترتیب و تہذیب اور اسکے اہتمام طبع کا اتفاق ہوا۔ اور اسکے بعد بعض احباب کی خواہش کے موافق توفیق الٰہی اور بعض اساتذۂ علم فرائض کی اعانت سے نقشہ وراثت الموسوم بہ انوار الفرائض جامع فرائض حنفیہ و شافعیہ و فرائض امامیہ و توریث ہنود کی تالیف اور اس کی اشاعت وقوع میں آئی۔ لیکن ان نقشوں کے ذریعہ سے میری خواہش کے مطابق تین۔ چار۔ پانچ اور چھ چھ وارثوں کے اجتماعی حالات اور اُن کے حصص رسدی کی تفصیلی کیفیت سے چونکہ عوام مطلع نہیں ہو سکتے تھے۔ لہذا مجھے اس کتاب کی ضرورت محسوس ہوئی۔ فہذہ عجالۃ الوقت الموسوم بہ مفتاح خزانۃ المیراث۔

اس کتاب میں علمی قیل و قال اور اختلافی مسائل کو چھوڑ کر میت کے وارثوں کی مفتیٰ بہ عملی حالت کو ظاہر کیا گیا ہے۔ اور قواعد و کلیات کے انضباط پر ہی اکتفا نہیں۔ بلکہ ان کے افراد و جزئیات کے انحصار کی طرف ہمہ تن توجہ کی گئی ہے۔ جس سے نہایت طمینان کے ساتھ یہ کہا جا سکتا ہے۔ کہ یہ کتاب عام ممکن الوقوع جزئیات فرائض کی کامل جامع ہے۔ اب خداوند کریم سے یہ استدعا ہے کہ وہ میری اس محنت کو مقبول فرما کر عامہ اہل اسلام کو مستفید ہونے کی توفیق عطا فرماوے۔ آمین ثم آمین۔

العاصی محمد فتح الدین انصاری خوشابی ابن حکیم غلام محمد صاحب مرحوم حنفی القادری

منہ ڈالے۔ تو وہ آسانی کے ساتھ یہ اندازہ کر سکتا ہے۔ کہ کہاں تک اُسکے ہاتھ سے اس نعمت جلیلہ کا انتزاع ہو چکا ہے۔ اور جو کچھ باقی ہے۔ وہ کس قدر ہے۔ صَدَقَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہُ الْاَمِیْنُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ۝

ہندوستان میں دولتمند مسلمانوں کے کئی ایک ایسے خاندان ہیں۔ جو بظاہر ہر طرح سے اسلامی شعائر کے پابند ہیں۔ قومی اور مذہبی امور کے ساتھ انہیں خاص دلبستگی ہے۔ لیکن ان کے متروکات کی تقسیم ابھی تک خلاف شرع شریف ہندی (رواج) طریق ہنود) کے مطابق ہوتی ہے۔ اور قرآنی نص صریح کی خلاف ورزی کی کچھ بھی پرواہ نہیں کرتے۔ ایسے ہی بہت سے جوشیلے زمیندار ہیں۔ جو اپنی بیٹیوں کو کھیت و باغات وغیرہ زمین سے کچھ حصہ نہیں دیتے۔ باہم جھگڑنے والوں میں سے جب ایک فریق کو یقین ہو جاتا ہے۔ کہ قانون ملک کی رو سے اُسے کچھ زیادہ ملنے کی اُمید ہے۔ تو وہ علانیہ کہ دیتا ہے۔ کہ ہمارا فیصلہ قانون عدالت ہی کے مطابق ہونا چاہیئے وغیرہ وغیرہ۔

قوم کی تو یہ حالت ہے۔ اُدھر ہمارے مذہبی عُلَمَاؤں نے اس ضروری علم (نصف العلم) کی تعلیم کو بالکل ہی گھٹا دیا ہے۔ اردو اور فارسی پڑھنے والے طالب علم تو عموماً اس شریف علم سے بے بہرہ رکھے جاتے ہیں۔ اور عربی پڑھنے والے خاص طلباء کو بھی جہاں تک پڑھایا جاتا ہے اس کی نسبت الیقین یہ کہ سکتے ہیں۔ کہ وہ اس علم کی اصطلاحوں سے واقف ہو جاتے ہیں۔

الغرض اس شریف و ضروری علم کے پڑھنے پڑھانے کی نسبت حدیث شریف میں جس قدر تاکید آئی ہے۔ اس کے مقابلے میں کچھ بھی کوشش نہیں کی جاتی۔

خیر خواہان ملک و قوم نے رفتار زمانہ کے موافق اگرچہ بہت سے اردو رسالے میراث اور علم فرائض میں تالیف و تصنیف کئے جا رہے ہیں۔ اور ان سے ایک حد تک قوم کو فائدہ بھی پہنچا ہے۔ لیکن اگر غور سے دیکھا جائے۔ تو اس قسم کی تالیفات سے وہی شخص مستفید ہو سکتا ہے۔ جسے مسائل فرائض کے استخراج کی قدرت ہے۔ اور وہ اس علم کے اصول و قواعد سے بخوبی واقف ہے۔ عام لوگ اس سے ہرگز فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔

بنابریں میرے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ علم فرائض میں ایک ایسی کتاب تالیف کی جائے جس سے عام و خاص لوگ فائدہ اٹھا سکیں۔ اور اس کے حل مسائل کا کوئی ایسا طریق ہو۔

اِس کتاب میں

ایک مقدمہ اور چھ باب بضمن جداول ورثہ مندرج ہیں۔ اور ہر ایک باب میں متعدد فصلیں ہیں۔ اور ایک خاتمہ ہے۔

مقدمہ کتاب میں حقوق متعلقین بترکہ میت۔ اقسام ورثہ۔ اسباب موانع ارث[1]۔ حالات ذوی الفروض[2] شجرۂ جدو جدہ۔ حالات عصبات[3]۔ کیفیت حجب وحرمان۔ تمیز حاجب[4] و محجوب وغیرہ کی تشریح ہے۔

جدول ورثہ کے

باب اوّل میں میت کے دو وارثوں کی اجتماعی کیفیت اور ان کے حصہ کی مقدار مندرج ہے۔

باب دوم میں " تین وارثوں کی " " " " " " "

باب سوم میں " چار وارثوں کی " " " " " " "

باب چہارم میں " پانچ وارثوں کی " " " " " " "

باب پنجم میں " چھ وارثوں کی " " " " " " "

باب ششم میں " سات وارثوں کی " " " " " " "

اور خاتمہ کتاب میں فرائض امامیہ و توریث ہنود کو لکھا ہے۔

مقدّمہ

زمانہ جاہلیت میں قریش اور تمامی عرب کے قبائل میں دو سبب سے وراثت جاری ہوتی تھی۔ اوّل نسب۔ دوئم عہد۔ نسب میں بھی وہ لوگ وراثت کے مستحق سمجھے جاتے تھے۔ جو جوان ہوتے اور میت کی طرف سے میدان جنگ میں لڑ سکتے۔ اور عورتوں کو ترکہ سے کچھ حصہ نہیں ملتا تھا خواہ میت کی بیٹی ہوتی خواہ بیوی۔ ایسے ہی چھوٹے لڑکوں بیٹوں اور پوتوں کو بھی کچھ نہیں ملتا تھا۔ اور عہد بھی دو طرح پر ہوتا تھا ایک یہ کہ کوئی شخص کسی کو یہ کہتا "میری جان تیری جان اور میرا خون تیرا خون ہے۔ میں تیرا وارث تو میرا وارث" اس عہد کے بعد بھائی بیٹے (خواہ وہ جوان ہی ہوں) کسی کو ورثہ نہیں ملتا تھا اور تمام متروکہ اسی ہم عہد کا حق سمجھا جاتا تھا۔ عہد کا دوسرا قسم یہ تھا کہ کسی کو متبنے یعنی بیٹا بنا لیتے تھے۔ جیسا کہ ہندوؤں میں رواج ہے۔ اور وہی متبنے وارث ہوتا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب مبعوث ہوئے تو آپ نے ابتدا میں اسی رسم و دستور کو بحال خود رہنے دیا۔ پھر مدینہ منورہ میں آکر کچھ دنوں ہجرت و مواخات (بھائی چارہ) پر وراثت قائم ہوئی۔ اس طرح پر کہ جب کوئی صحابی ہجرت کر کے آتا تھا۔ تو دوسرا مہاجر اس کے متروکہ سے حصہ پاتا تھا۔ کسی اور کو نہیں ملتا تھا اور مواخات یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دو شخصوں میں بھائی چارہ کرا دیتے تھے۔ ان میں سے ہر ایک دوسرے کا وارث ہو جاتا تھا۔ مگر اس کے بعد جب آیت توریث یوصیکم اللہ ...... الخ نازل ہوئی۔ تو اسلام میں وراثت کے تین رکن قرار پائے۔ نسب۔ نکاح۔ ولا۔ کتب احادیث و تفسیر سے یہ ظاہر ہوتا ہے۔ کہ آئت توریث یوصیکم اللہ الخ کا نزول مدینہ منورہ میں ہجرت کے تیسرے سال جنگ احد کے بعد ہوا ہے۔ اور اسکے نازل ہونے کے تین سبب ہیں۔

صحاح اور مسند امام احمد بن حنبلؒ میں ہے کہ حضرت جابرؓ بیمار تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے ہمراہ بیمار پرسی کے لئے تشریف لائے۔ کہ جابرؓ کو غش آگیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوایا۔ اور تازہ وضو فرما کر بچا ہوا پانی جابرؓ پر چھڑکا۔ جس سے وہ سنبھل گئے۔ اس کے بعد انہوں نے اپنے مال کی تقسیم کی بابت مسئلہ پوچھا (۲) انہیں دنوں سعدؓ بن ربیع کی وراثت کا مسئلہ بھی پیش ہوا تھا۔ انکی بیوہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں فریاد کی کہ سعدؓ بن ربیع فوت ہو گئے ہیں۔ اور مرحوم کا کل مال اسکے بھائی نے لے لیا ہے مجھے اور اس کی دونوں بیٹیوں کو کچھ نہیں دیا۔ (۳) اسی طرح جب اوس بن ثابت حضرت حسان شاعر کے بھائی کا انتقال ہوا اور ان کے چچازاد بھائیوں عرفطہ اور قتادہ نے مرحوم کے کل مال پر قبضہ کر لیا۔ اور اس کی بیوی اور تین یتیم لڑکیوں کو کچھ نہ دیا۔ تو ام کحہ مرحوم کی بیوہ نے دربار اقدس میں فریاد کی۔ کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرا خاوند اوس جنگ احد میں شہید ہو گیا ہے۔ اور تین لڑکیاں چھوڑی ہیں۔ میراث کا تمام مال قتادہ اور عرفطہ نے لے لیا ہے۔ مجھے ایک حبہ نہیں ملا۔ میں ان لڑکیوں پر کہاں سے خرچ کروں گی۔ اور ان کا نکاح کیونکر ہو سکیگا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہوا۔ کہ اس امر میں اللہ تعالےٰ جو حکم دے گا۔ ویسا کیا جائے گا پھر آیت یوصیکم الخ نازل ہوئی۔ بعد ازاں وارثوں کے حصوں کی معینہ مقدار کا نام فرض

[1] وہ امور جو وراثت کو روک دیتے ہیں۔ [2] وہ وارث جن کے حصے قرآن کریم میں ہیں۔ [3] ایسے وارث جو ذوی الفروض کے بعد جو کچھ بچے اسکے مالک ہوتے ہیں۔ [4] حاجب وہ وارث جو دوسرے کو محروم کر دے۔ جیسے بیٹا پوتے کو اور باپ دادا کو محروم کرتا ہے اور جو محروم ہوں محجوب کہلاتے ہیں۔

اور مسائل میراث کا نام علم الفرائض قرار پایا:

علم الفرائض

وہ ایسے قواعد و ضوابط کا نام ہے۔ جس سے میت کے ہر ایک وارث کا حق متعلق بہ ترکۂ میت۔ اور ترکۂ میت کے مصارف شرعیہ کی شناخت حاصل ہوتی ہے پس اس علم میں متروکات کے عوارض سے اس حیثیت سے بحث ہوتی ہے۔ کہ اسکو شرعی معینہ مصرف میں صرف کیا جائے۔ اور غرض اس سے حصول ثواب و صیانت حقوق ہے۔ تاکہ مصارف ترکہ میں خطا واقع نہ ہو:

فرائض کے تین رکن ہیں (۱) وارث (۲) مورث (۳) موروث۔ اور شرائط بھی تین ہیں۔ موت مورث[۱] حقیقتہً یا حکماً (مثلاً مفقود الخبر) وارث[۲] کا مورث کے فوت ہونے کے وقت زندہ ہونا حقیقتہً یا تقدیراً (مثلاً حمل) علم سبب وراثت اور ماخذ اس کا قرآن مجید حدیث[۱] شریف اور اجماع اُمت ہے:

حقوق متعلق بہ ترکۂ میت

ترکۂ میت سے حسب ترتیب ذیل پانچ حقوق متعلق ہیں۔

(۱) ادائے حق غیر جو شے معین سے متعلق ہے۔ مثلاً میت کا کچھ زیور ایک شخص کے ہاں گرو ہے۔ اور میت نے سوائے اس زیور مرہون کے اور کوئی مال ترکہ نہیں چھوڑا۔ تو سب سے پہلے اس شے مرہون کو فروخت کر کے حق مرتہن کہ شے مرہون سے متعلق ہے ادا کریں۔ اور یہ حق تجہیز و تکفین پر اس لئے مقدم ہے کہ اس کا تعلق ایسے مال سے ہے۔ جس کا ابھی ترکۂ میت سے شمار نہیں ہوا۔

(در مختار)

[۱] حدیث شریف۔ کیونکہ اُم الاُم (نانی) کی میراث مغیرہ اور ابن مسلمہ کی شہادت سے ہوئی ہے۔ کتاب اللہ میں اس (نانی) توریث صراحتاً مذکور نہیں:

[۲] اجماع اُمت۔ اُم الاب (دادی) کی وراثت اجماع اُمت سے ہوئی ہے:

(۲) تجہیز[۱] و تکفین بدرجہ متوسط بلا کمی بیشی۔ اور تجہیز زوجہ[۲] کی (اگرچہ غنی ہے) کی اُسکے خاوند پر ہے۔ بخلاف حنابلہ و مالکیہ:

(۳) ادائے[۳] دیون غیر متعلقہ بشے معین۔ اور اس کی دو قسم ہیں۔ دین صحت[۴]۔ دین مرض

[۱] تجہیز سامان مہیا کرنے کو کہتے ہیں۔ اس جگہ میت کے غسل اور کفن دفن کا سامان مہیا کرنا مراد ہے۔ اور تکفین کفن دینے کو کہتے ہیں۔ واضح ہو کہ اگر میت نے کچھ ترکہ نہیں چھوڑا یا اتنا ہی مال ہے کہ قرض متعلق بشے معین ہی کو کفایت کرتا ہے اور بعد ادائے قرض مذکور کچھ نہیں بچتا تو ایسی صورت میں تجہیز و تکفین کا خرچ اس شخص پر واجب ہے جس پر خرچ اسکا حالت حیات میں واجب تھا۔ اور اگر وہ شخص بھی نہیں یا خرچ کی مقدرت نہیں رکھتا تو اس کا خرچ بیت المال پر یا عام مسلمانوں پر ہوگا۔ و بلا کمی بیشی سے یہ مراد ہے کہ کفن مسنون سے کمی بیشی نہ ہونی چاہیئے۔ کفن مسنون مرد کے لئے تین کپڑے ہیں (۱) قمیص (کرتا) مونڈھوں سے قدموں تک بلا جیب و کلی و بلا آستین جسے کفنی کہتے ہیں۔ (۲) ازار (۳) ایک چادر سر سے پاؤں تک اور عورت کیلئے پانچ کپڑے ہیں۔ تین تو یہی ہیں جو مرد کیلئے ہیں۔ اور ایک خمار (اوڑھنی) ہے دو گز لمبی اور ایک بالشت چوڑی جسے عورت کے سر پر اور ان بالوں پر جو دو حصے کر کے سینے پر ڈال دیتے ہیں اوڑھا دیتے ہیں اور پانچواں خرقہ (سینہ بند) ہے تین گز لمبا اور بغل سے زانو تک چوڑا جس سے میت کی چھاتیاں باندھتے ہیں اور کپڑا متوسط قسم کا چاہیئے لیکن اگر قرض خواہ جائز رکھے تو مرد کیلئے دو اور عورت کے لئے تین کپڑے بھی دیں۔

[۲] تجہیز زوجہ کی اسکے ترکہ سے نہ ہوگی۔ بلکہ اسکی تجہیز اسکے خاوند پر ہے۔ اسلئے کہ علاقہ زوجیت باقی ہے اور خاوند اسکا وارث بنتا ہے۔ شافعیہ کا بھی یہی مسلک ہے لیکن حنابلہ اور مالکیہ کہتے ہیں۔ عورت کی تجہیز اسکے ترکہ سے ہوگی۔ اگرچہ زوج غنی ہو۔ اسلئے کہ تجہیز تابع نفقہ سے ہے اور اسکا وجوب اس استمتاع پر تھا۔ اور وہ اب منقطع ہو گیا ہے:

[۳] ادائے دیون (قرض) اگر میت کے ذمے قرض متعلق بشے معین کے سوائے کچھ اور قرض بھی ہے تو بعد تجہیز و تکفین کے جو کچھ بچ رہے۔ اس سے وہ قرض ادا کریں اگر تمام قرض ادا ہو جائے تو فبہا ورنہ قرض خواہ مختار ہے۔ معاف کر دے۔ خواہ عقبیٰ میں اس سے مواخذہ کرنے کا منتظر رہے اور ادائے دین کی تقدیم وصیت پر موافق عمل رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے ہے ورنہ کتاب اللہ میں وصیت دین پر ذکر میں مقدم ہے عن علی قال انکم تقرؤن هذه الاية من بعد وصية توصون بها او دين وان رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى بالدين قبل الوصية ۔ (مشکوٰۃ)

[۴] دین صحت۔ واضح ہو قرض کی دو قسمیں ہیں (۱) پہلا وہ جسکا ثبوت گواہوں سے ہو۔ حالت صحت میں یا حالت مرض میں یا اقرار میت سے حالت صحت میں یا حالت مرض میں بطریق معائنہ کے۔ اس قسم کے قرض کو قرض صحت کہتے ہیں (۲) وہ قرض جسکا ثبوت محض اقرار میت سے ہو نہ بطریق معائنہ اس قسم کے قرض کو دین مرض بھی کہتے ہیں۔ ان دونوں میں قرض صحت مقدم ہے۔ اسی طرح دین اللہ پر دین عباد مقدم ہے۔ مثلاً اگر میت کے ذمے حقوق الہی مثل نماز و روزہ و حج و زکوٰۃ و نذر و کفارہ وغیرہ باقی ہیں اور میت نے اسکی وصیت کی ہے تو بعد ادائے قرض عباد باقی تلث مال میں وصیت جاری کریں۔ پس ہر نماز کیلئے آدھی صاع گیہوں اور روزے کیلئے بھی آدھی صاع گیہوں دینی چاہیئے۔ لیکن امام محمد کے نزدیک ایک صاع گیہوں سے۔ اور امام اعظم کے نزدیک ایک صاع آٹھ رتل کا معتبر ہے۔ یعنی صاع عراقی

(۴) اجرائے وصیت ثلث (تہائی) مال سے ؛

(۵) تقسیم ترکہ کی وارثوں میں ؛

ورثہ میت کے اقسام

اور وہ دس ہیں۔

(۱) ذوی الفروض۔ وہ وارث ہیں جنکے سہام یعنے حصے شرع شریف میں کتاب اللہ و یا سنت رسول اللہ یا اجماع اُمت سے معین ہیں۔

(۲) عصبات نسبی۔ وہ قرابت دار ہیں جنکی عصبیت بسبب قرابت کے ہے اور انکا حصہ ذوی فرض کی طرح معین نہیں ؛

(۳) عصبہ سببیہ۔ وہ شخص ہے جسکو عصبیت (غلام) کے آزاد کرنے کے باعث حاصل ہوئی ہے اسے معتق اور مولی العتاقہ بھی کہتے ہیں ؛

(۴) عصبہ سببیہ کا عصبہ بنفسہ۔ یعنی آزاد کرنے والے عصبہ مذکرہ

(۵) رد اہل فرض ذی نسب پر۔ لیکن اگر بیت المال منتظم نہیں تو زوجین پر بھی رد کیا جائیگا۔ مالکیہ حنابلہ متقدمین شافعیوں کے ہاں زوجین پر رد نہیں۔ مگر متاخرین شافعیہ نے جائز رکھا ہے۔

(۶) ذوی الارحام[۲]۔ یعنی ذی فرض و عصبات کے سوائے دوسرے رشتہ دار جو بوقت نہ ہونے کسی صاحب فرض و عصبہ کے ترکہ کے مستحق ہوتے ہیں ؛

بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۰۔ اور امام شافعی اور امام محمد کے نزدیک پانچ اور ثلث رطل کا صاع ہے۔ یعنی صاع حجازی لیکن اگر میت نے وصیت نہیں کی تو اسکا اجرا مستحب ہے واجب نہیں۔ البتہ امام شافعیؒ اور امام محمد کے نزدیک دین الہی دین عباد پر مقدم ہے اور دوسرے قول میں وہ مثل دوسرے قرضوں کے ہے۔ میت نے وصیت کی ہو۔ خواہ نہ کی ہو۔ اس کو ادا کرنا چاہیئے ؛

[۱] اجرائے وصیت۔ جو مال ادائے حقوق مذکورہ بالا سے بچ رہے۔ اس سے وصیت پوری کریں اور وصیت اگر ثلث مال سے کم یا ثلث کے برابر ہے۔ تو اتنا ہی مال دینا چاہیئے اور اگر زیادہ ہے تو وہ اسی قدر جاری ہو سکتی ہے جبکہ کل وارث اجازت دیں۔ ورنہ صرف ثلث میں جاری ہوگی۔ عالمگیری وغیرہ ؛

[۲] ذوی الارحام امام ابو حنیفہ اور امام احمد رحمہما اللہ تعالے کے نزدیک ذوی الارحام مطلقاً وارث ہوتے ہیں اور امام شافعی و مالک کے پاس اسوقت وارث بنتے ہیں۔ جبکہ بیت المال منتظم نہ ہو۔ اور ضابطہ کے ہاں بیت المال کا کوئی حق نہیں ؛

(۷) مولی الموالات[۱] ؛

(۸) مقر لہ بالنسب علی الغیر[۲] ؛

(۹) موصی لہ بما زاد علی الثلث[۳] ؛

(۱۰) بیت المال[۴] ؛

---

[۱] مولی الموالات۔ ایسے دو شخصوں کو کہتے ہیں۔ جنکے وارث اور اقارب مذکورہ نہ ہوں۔ اور وہ باہم معاہدہ یگانگت کر کے گذران کریں۔ ایسے شخص کو ایک دوسرے کے وارث بھی بنتے ہیں۔ اور ان پر دیت بھی لازم آتی ہے۔ بشرطیکہ ان کے اقارب نہ ہوں۔ ورنہ نہیں۔ لیکن شافعی۔ مالکی۔ حنبلی مذہب میں وہ وارث نہیں بنتے۔ ؛

[۲] مقر لہ بالنسب کے وارث بننے اور مولی الموالات کے بعد ترکہ پانے کے لئے چار شرطیں ہیں۔ اول یہ کہ اقرار نسب کا جو میت نے کیا ہے شرعاً معتبر ہو ورنہ اسکا کچھ اعتبار نہ ہوگا۔ جیسے میت نے اگر ایک معروف النسب یا ایسے مجہول النسب کو جو باعتبار عمر کے اس کے باپ کا بیٹا نہیں ہو سکتا اپنا بھائی کہہ دیا ہو تو ایسے مقر لہ کیلئے ترکہ سے کچھ حصہ نہیں دیا جا سکتا۔ دوم جس نسب کا میت نے اقرار کیا ہے۔ وہ نسب غیر کی طرف رجوع کرتا ہے۔ مثلاً کہا ہو کہ یہ میرا بھائی ہے۔ یا چچا ہے تو یہ اقرار اس بات کا متضمن ہے کہ مقر لہ اسکے باپ یا دادا کا بیٹا ہے۔ اور اگر ایسی نسب کا اقرار کیا ہے۔ جو خود مقر کی طرف رجوع کرتا ہے مثلاً مجہول النسب کو جو اسکا بیٹا ہو سکتا ہے کہا ہو یہ میرا بیٹا ہے۔ تو یہ شخص مقر لہ بالنسب علی الغیر نہ ہوگا بلکہ مقر کا بیٹا بنکر مستحق ترکہ ہوگا۔ سوم اس غیر نے جسکی طرف وہ نسب رجوع کرتا ہے مقر کے اقرار کو تسلیم نہ کیا ہو کیونکہ تسلیم کر لینے کی صورت میں وہ مقر بالنسب علی الغیر نہ رہیگا۔ چہارم مقر مرتے دم تک اقرار پر قائم رہا ہو اور اگر اس نے اپنے اقرار سے رجوع کر لیا ہے تو موقت بھی وہ مقر لہ بالنسب علی الغیر نہ ہوگا اور چونکہ یہ اقرار معناً وصیت ہے اسلئے اس سے رجوع کر لینا جائز ہے۔ مالکی شافعی حنبلی مذہب میں مقر لہ بالنسب علی الغیر کسی صورت میں وارث نہیں ہو سکتا ؛

[۳] ثلث سے زائد خواہ کل مال کی وصیت ہو پوری اجرا ہوگی بشرطیکہ اصل وارث کوئی نہ ہو کیونکہ ثلث سے زائد میں وصیت کے رد کرنے والے وہی وارث ہوتے ہیں۔ اور جب ان میں سے قریب و بعید کوئی بھی نہیں تو جسقدر اس کے لئے معین کیا گیا ہے۔ وہ پورا کا پورا لینے کا مستحق ہے شافعی۔ مالکی حنبلی مذہب میں اس کے لئے صرف ثلث مال ہے۔ زائد کا وہ مستحق نہیں ؛

[۴] بیت المال متقدمین حنفیہ کا قول ہے کہ زوجین محض اپنے معینہ حصوں کے مستحق ہیں۔ بیت المال منتظم ہو خواہ غیر منتظم۔ لیکن متاخرین کا فتوے اس بات پر ہے کہ زوجین پر رد نہ ہونا اس تقدیر پر ہے۔ کہ بیت المال کے انتظام میں کسی طرح فتور اور خلل نہ ہو یعنی اس کے مصارف شرعی طور پر معین ہوں۔ اور اگر بیت المال کا یہ انتظام نہیں تو ایسی صورت میں جبکہ اور کوئی وارث نہیں تو زوجین پر بقیہ مال رد کیا جائیگا۔ بلکہ ایسی صورت میں اگر میت نے دختر رضاعی یا مولی العتاقہ کے عصبہ بغیرہ یا عصبہ مع غیرہ یا اسکے ذوی الارحام کو چھوڑا ہو تو ترکہ میت کا انہیں لوگوں کو اگرچہ وارث نہیں دیا جائیگا۔ جیسا کہ مجمع الانہار اشباہ اور جامع الرموز میں ہے۔ اور اسی طرح ذخیرہ و نقایہ میں ہے۔ اور ردالمختار میں مستصفی سے نقل کیا ہے کہ اس زمانہ میں فتویٰ اسی پر ہے کہ زوجین پر رد جائز ہے۔ در صورت نہ ہونے مستحقین ترکہ کے اور زیلعی میں نہایہ سے نقل کیا ہے۔ کہ فساد بیت المال کے باعث احد الزوجین کے فرض کا بقیہ مال انہیں پر رد کیا جائے اسی طرح رضاعی بہن بھائی کا حال ہے ؛

موانع ارث (وراثت کو روکنے والے امور)

اور یہ پانچ ہیں

(۱) رِق[1] - کہ وارث کسی کا شرعی غلام یا لونڈی ہو۔

(۲) قتل[2] - جس سے قصاص یا کفارہ لازم آوے۔

(۳) اختلافِ دین[3] - اس طرح کہ وارث اور مورث میں سے ایک مسلمان ہو اور دوسرا کافر ہو۔

---

[1] رِق - اور یہ مطلقاً مانع ارث ہے - اس لئے غلام، مکاتب، مدبر، ام ولد، معتق البعض سب ممنوع الارث ہیں۔

[2] قتل جس سے قصاص یا کفارہ لازم آتا ہے - اسکی تین صورتیں ہیں - قتل عمد، قتل شبہ عمد، قتل خطا - (۱) قتل عمد وہ قتل ہے جس کا وقوع بقصد مار ڈالنے کے ہوا ہو اور قاتل نے اس نیت سے حملہ کیا ہو - کہ وہ مقتول کو قتل کر ڈالے - جس ہتھیار سے کیا ہو مثلاً تلوار یا چھری سے یا کسی ایسی چیز سے جس سے انسان مارا جا سکتا ہے جیسے بڑی لاٹھی یا پتھر وغیرہ سے اور صاحبین کے نزدیک ہتھیار وغیرہ کی کوئی شرط نہیں - بلکہ ایسی چیز کا ہونا معتبر ہے - جس کا نتیجہ غالباً ہلاکت ہے - (۲) قتل شبہ عمد - وہ قتل ہے - جو بقصد مار ڈالنے کے صادر ہوا ہو - لیکن نہ ہتھیار سے اور نہ ایسی شے سے جو متفرق اجزائے بدن ہے یعنی اجزائے بدن کو بدن سے علیحدہ کر دے - (۳) قتل خطا - وہ قتل ہے جو بغیر قصد مار ڈالنے کے صادر ہوا ہو - جیسے کسی نے شکار کی طرف تیر پھینکا ہو - اور وہ آدمی کو جا لگے - اور اسے ہلاک کر دے - یا جانور پر سوار ہے - اور اس جانور کے نیچے کوئی شخص دب کر مر جائے - یا اس کے ہاتھ سے مثلاً پتھر گر پڑا - اور اس سے ایک شخص مر گیا - یا کوئی چھت پر سے کسی شخص پر گر پڑے - اور وہ مر جائے - یہ سب صورتیں قتل خطا کی ہیں۔

پس قتل عمد میں قصاص لازم آتا ہے - اور قتل شبہ عمد و قتل خطا میں کفارہ عائد ہوتا ہے - اور واضح ہو کہ یہ تینوں صورتیں قتل عمد - قتل شبہ عمد - قتل خطا - اس وقت موجب قصاص یا کفارہ ہوتی ہے - جبکہ ناحق ہوں اور عاقل بالغ کے ہاتھ سے واقع ہوں - اور یہ تینوں صورتیں مانع ارث ہیں - قال علیہ السلام لیس للقاتل شیء (موطا امام مالک) پس اگر کوئی شخص بحکم حاکم اپنے مورث کو حد یا قصاص میں مار ڈالے - یا اس حالت میں کہ مورث نے اس پر حملہ کیا ہو - اور اس نے اپنی جان بچانے کے لئے اسے مارا ہو - اور وہ مر گیا ہو - تو ایسے قتل کے قصاص یا کفارہ لازم نہیں آتا - اور قاتل محروم الارث نہیں ہوتا - یہی مذہب حنابلہ اور مالکیہ کا ہے لیکن امام شافعی کے نزدیک قاتل خواہ کسی طرح قتل مورث میں شریک ہو ترکہ سے محروم ہو جاتا ہے - پس قصاص لینے والا - امام - قاضی جنہوں نے قتل کا فتوے دیا ہے - اور جلاد و شاہد وغیرہ تمام محجوب و محروم الارث ہیں - اور انہیں مقتول کے ترکہ سے کچھ نہیں ملتا - (خلاصہ مطولات شافعیہ)

[3] اختلاف دین - مثلاً بیٹا مسلمان ہے اور باپ کافر یا اس کے برعکس - تو ایک کے مرنے سے دوسرے کو کچھ نہیں پہنچ سکتا - قال علیہ السلام لا یرث الکافر المسلم ولا المسلم الکافر (متفق علیہ) - ائمہ ثلاثہ کا یہی مذہب ہے - لیکن حنابلہ کہتے ہیں - وارث کافر قبل تقسیم ترکہ اگر مسلمان ہو جائے - تو اس کو ترکہ میت سے حصہ ملے گا - لیکن اختلاف ملت مانع نہیں اسلئے یہود و مجوس اور نصاریٰ ایک دوسرے کے وارث بن سکتے ہیں - اسلئے کہ کفر کل ملت واحدہ ہے (عینی عالمگیری)

(۴) اختلاف دار[1] غیر اہل اسلام میں - مثلاً حربی و ذمی یا مستامن و ذمی اور مختلف ملکوں کے دو مستامن ایک دوسرے کے وارث نہیں بن سکتے۔

(۵) اشتباہ وارث[2] و مورث - اس کہ مثلاً وارث و مورث کی ترتیب معلوم نہ ہو۔

ذوی الفروض

فروض - (سہام و حصۂ معین) چھ ہیں - نصف[1] - ربع[2] - ثمن[3] - ثلثین[4] - ثلث[5] - سدس[6]

ذوی الفروض - وہ رشتہ دار میت ہیں جنکے حصے معین ہیں - یہ بارہ[12] شخص ہیں - چار[4] مرد اور آٹھ عورتیں جن میں سے زوج اور زوجہ وارثان سببی ہیں - اور باقی نسبی کہلاتے ہیں۔

ذوی الفروض میں سے چار مرد یہ ہیں - اب[1] (باپ)، جد صحیح[2] (میت کا دادا اور اس کا دادا جہانتک اوپر ہوں - اخ الام[3] (اخیافی بھائی) زوج[4] (شوہر)۔

اور آٹھ عورتیں یہ ہیں - بنت[1] (میت کی بیٹی) بنت الابن[2] (پوتی - پڑپوتی جہانتک نیچے ہوں) اخت لاب[3] و ام (حقیقی بہن) اخت لاب[4] (علاتی بہن) اخت لام (اخیافی بہن)، ام (ماں) جدہ صحیحہ (دادی - نانی) زوجہ - (نکاحی بیوی)۔

---

[1] اختلاف دار - یعنی ان ملکوں کا اختلاف جہاں وارث و مورث رہتے ہیں اور یہ اختلاف اسوقت معتبر ہوتا ہے - جبکہ وہ ایسے ملک ہوں کہ ہر ایک میں ایک ایک بادشاہ ہو اور ان میں عصمت منقطع ہو اسطرح کہ ہر ایک دوسرے سے لڑنے کو حلال جانتا ہو - پس ایسے ملکوں کے وارث و مورث ایکدوسرے کے ترکہ سے کچھ نہیں پا سکتے لیکن اگر ان دونوں میں عصمت قائم ہے اور ان میں تعلقات تناصر جاری ہے تو وہ مانع ارث نہیں ہے اور یہ مانع خاص کافروں کیلئے ہے - حربی اس کافر کو کہتے ہیں جو دار الحرب یعنی کافروں کے ملک میں رہتا ہے اور ذمی وہ کافر ہے جو مسلمانوں کے ملک میں بادشاہ اسلام کو جزیہ دیکر رہتا ہے - مستامن وہ کافر ہے جو دار الاسلام میں امن لیکر داخل ہوا ہے پس مستامن ذمی کا وارث نہیں ہو سکتا ہے - گویا کہ اصل میں دو ملک ہیں - کیونکہ ایک ہی ملک دار الاسلام میں جمع ہیں ایکدوسرے کے وارث نہیں بن سکتے ایسے ہی دو مستامن بھی باہم نہ ایکدوسرے کے وارث ہو سکتے ہیں اور نہ ایک کا دوسرا ترکہ پا سکتا - واضح ہو کہ شافعیہ مالکیہ حنابلہ کے نزدیک اختلاف دار مانع ارث نہیں ہے۔

[2] اشتباہ یعنی نہ معلوم ہونا اسبات کا کہ کون وارث ہے اور کون مورث ہے خواہ بسبب نہ معلوم ہونے ترتیب موت کے خواہ بسبب کسی اور باعث کے مثلاً چند اقارب ایک ساتھ کسی دیوار یا چھت کے نیچے دب کر مر جائیں یا ایک کشتی میں سوار ہوں اور سب ڈوب جائیں یا لڑائی میں مارے جائیں اور یہ نہ معلوم ہو سکے کہ انہیں سے کون شخص پہلے مرا اور کون پیچھے مرا ہے تو اس قسم کے اموات آپس میں ایک دوسرے کے لئے وارث نہیں ہو سکتے - مثلاً باپ اور بیٹا ایک ساتھ اگر لڑائی میں مارے جائیں تو باپ بیٹے کا اور بیٹا باپ کا وارث نہ ہوگا بلکہ باپ کا ترکہ اسکے موجودہ وارثوں میں اور بیٹے کا اس کے موجودہ وارثوں میں تقسیم ہوگا - شافعی - مالکی کا یہی مذہب ہے (در المختار وغیرہ)

[2] جد صحیح - جو باپ کے سلسلہ سے ہیں - اور جن میں ماں کا واسطہ نہیں ہوتا جیسے باپ کی ماں یا باپ کے باپ کی ماں جہانتک ہو

پہلی صورت ۔ میت باپ بالاتفاق میت کی دادی کا حاجب ہے ۔ لیکن میت کا دادا میت کی دادی کا حاجب نہیں ۔

دوسری صورت ۔ میت کے سگے اور سوتیلے بھائی ۔ بہنیں میت کے باپ کی موجودگی میں بالاتفاق محروم ہیں ۔ ایسے ہی امام اعظم رح کے نزدیک دادا بھی ان کو محجوب کر دیتا ہے ۔ لیکن صاحبین کے طریق پر دادا ان کا حاجب نہیں ہے ۔ فتویٰ امام اعظم رح کے قول پر ہے ۔

تیسری صورت ۔ جب میت ماں باپ کو بمعیت زوج یا زوجہ کے چھوڑے تو ماں کو اَحَدُ الزَّوجَین کے حصہ منہا کرنے کے بعد جو کچھ باقی رہے ۔ اسکا ثلث بالاتفاق ملتا ہے ۔ لیکن بجائے باپ کے اگر میت کا دادا موجود ہو تو فقط ابو یوسف رح کے نزدیک ثلث باقی ملتا ہے ۔ مگر امام اعظم رح اور امام محمد رح کے مسلک پر ثلث کل ملتا ہے ۔ اسی پر فتویٰ ہے ۔

چوتھی صورت ۔ اگر میت اپنے مولی العتاقہ کے باپ اور بیٹے کو چھوڑے تو ابو یوسف رح کے طریق پر باپ کو سدس اور باقی بیٹے کو ملتا ہے ۔ اور طرفین کے نزدیک کل بیٹے ہی کو ملتا ہے ۔ لیکن باپ کی جگہ اگر دادا ہے ۔ تو بالاتفاق کل بیٹے ہی کو پہنچتا ہے اور دادا محجوب رہتا ہے ۔

پانچویں صورت ۔ جب میت اپنے مولی العتاقہ کے باپ اور بھائی کو چھوڑے تو بالاتفاق کل ترکہ باپ لیتا ہے ۔ اور بھائی کو کچھ نہیں ملتا ۔ لیکن بجائے باپ کے اگر دادا ہے تو فقط امام اعظم رح کے نزدیک وہ کل ترکہ پاتا ہے ۔ اور صاحبین کے مسلک پر ترکہ بھائی اور دادا کے درمیان نصفا نصف تقسیم ہوتا ہے ۔

سوم و چہارم ۔ اولاد الاُم ۔ اخیافی بھائی بہن ۔ ان کی تین حالتیں ہیں ۔

(۱) سُدس[۲] ۔ جبکہ اخیافی بھائی یا بہن ایک ہو ۔

(۲) ثلث[۳] ۔ جبکہ دو یا زیادہ ہوں ۔

---

[۱] یہی مسلک شافعیہ ۔ مالکیہ ۔ حنابلہ کا ہے ۔

[۲] میت نے اگر ایک اخیافی بھائی یا بہن کو چھوڑا ہے ۔ تو اسکو دوسرے ذی فرض یا عصبہ کے ساتھ فقط سدس ملتا ہے ۔ قال اللہ تعالیٰ ۔ وَاِنْ کَانَ رَجُلٌ یُّوْرَثُ کَلٰلَۃً اَوِ امْرَاَۃٌ وَّلَہٗ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنْھُمَا السُّدُسُ (مسئلہ ۔ میت ۔ اخ عینی ۔ اخیافی)

[۳] جب میت نے دو یا زیادہ اخیافی بھائی بہنوں کو چھوڑا ہے خواہ سب بھائی ہوں یا سب بہنیں ہوں تو انکو ایک ثلث ملتا ہے وہ آپس میں اسکو برابر تقسیم کریں ۔ اولاد الام میں بھائی بہن کو برابر حصہ ملتا ہے ۔ قال اللہ تعالیٰ ۔ فَاِنْ کَانُوْٓا اَکْثَرَ مِنْ ذٰلِکَ فَھُمْ شُرَکَآءُ فِی الثُّلُثِ (مسئلہ ۳ ۔ میت ۔ اخ علّی ۔ اخیافیان)

حالات ذوی الفروض

اوّل ۔ اب ۔ میت کے باپ کی تین حالتیں ہیں (۱) فرض مطلق[۱] یعنی صرف سدس جب کہ میت کا بیٹا یا پوتا یا پڑپوتا جہانتک نیچے کا درجہ ہو ۔ موجود ہو ۔

(۲) فرض و تعصیب دونوں[۲] جبکہ کوئی حاجب نقصان نہ ہو اور میت کی بیٹی یا پوتی یا پڑپوتی جہانتک نیچے درجہ کی ہو موجود ہو ۔

(۳) تعصیب محض[۳] عدم موجودگی اولاد کی حالت میں مثلاً جبکہ میت کا بیٹا یا پوتا یا پڑپوتا (جہانتک نیچے درجہ کا ہو) اور بیٹی یا پوتی یا پڑپوتی (جہانتک نیچے درجہ کی ہو) کوئی بھی نہ ہو ۔

دوم ۔ جد صحیح ۔ میت کا دادا اور اس کی دو حالتیں ہیں ۔

(۱) محجوب ۔ جبکہ میت کا باپ موجود ہو ۔

(۲) اگر میت کا باپ موجود نہیں تو وہ مثل باپ کے ہے ۔ بالاتفاق ۔ مگر حسب ذیل پانچ صورتوں میں کہ اُن میں اختلاف ہے (رد المختار)

بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۴ ۔ ان سب دادیوں کے سلسلہ میں داخل ہیں ایسے ہی ہو ماں کے سلسلہ میں ۔ خواہ ماں کے سلسلے والیاں ہوں جیسے میت کی ماں کی ماں کی ماں کی ماں جہانتک اوپر پہنچیں خواہ دادا یا پڑدادا کے سلسلے والیاں ہوں ۔ سب نانیوں کے سلسلہ میں داخل ہیں اور نانی و دادی دونوں جدہ صحیحہ ہیں ۔

[۱] فرض مطلق مثلاً میت جب باپ بیٹا یا پوتا چھوڑے تو اس صورت میں باپ کو فقط سدس ہی ملتا ہے اس لئے کہ اس وقت وہ محض ذی فرض ہی ہے ۔ قال اللہ تعالیٰ ۔ وَلِاَبَوَیْہِ لِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنْھُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَکَ اِنْ کَانَ لَہٗ وَلَدٌ (مسئلہ ۶ ۔ میت ۔ اب ۔ ابن ۔ بنت)

[۲] فرض و تعصیب دونوں مثلاً میت ۔ باپ ۔ بیٹی یا پوتی کو چھوڑے ۔ تو اس صورت میں باپ کو سدس بطور فرض کے اور بیٹی کے فرض سے بچا ہوا مال بطریق تعصیب کے ملیگا ۔ فرض حسب آیۃ وَلِاَبَوَیْہِ لِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنْھُمَا السُّدُسُ الخ اور تعصیب حسب فرمان ذیشان سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم اَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِاَھْلِھَا فَمَا اَبْقَتْہُ فَلِاَوْلٰی رَجُلٍ ذَکَرٍ کے ہے ۔ (مسئلہ ۔ میت ۔ اب ۔ بنت)

[۳] تعصیب محض میت بیٹا ۔ بیٹی پوتا ۔ پوتی وغیرہ اولاد ذکور و اناث میں سے کسی کو نہ چھوڑے اور صرف باپ کو چھوڑے یا باپ کے ساتھ سوائے اولاد ذکور و اناث کے کسی اور ذی فرض کو چھوڑے اور ان دونوں صورتوں میں باپ کیلئے کوئی حصہ معین نہ ہوگا ۔ بلکہ دونوں صورتوں میں اولاد کے اور نیز کبھی نہ ذی فرض کے کل مال لے گا اور بصورت موجود ہونے کسی ذی فرض کے سوا اولاد کے اسکے فرض سے بچا ہوا مال لیگا ۔ مثلاً (مسئلہ ۔ میت ۔ اب ۔ ام) قال اللہ تعالیٰ ۔ فَاِنْ لَّمْ یَکُنْ لَّہٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَہٗٓ اَبَوٰہُ فَلِاُمِّہِ الثُّلُثُ ۔ [۲] خلاً بیٹا یا پوتا موجود نہ ہو ۔

(٣) محجوب[١] - جبکہ میت کی اولاد یا میت کا باپ یا دادا موجود ہو۔

پنجم - زوج - میت کا شوہر - اسکی دو حالتیں ہیں:

(١) نصف[٢] - جبکہ اولاد نہ ہو۔ (٢) ربع[٣] (چوتھائی) اولاد کے ساتھ۔

ششم - زوجہ - میت کی بیوی - اسکی دو حالتیں ہیں:

(١) ربع[٤] جبکہ اولاد نہ ہو (٢) ثمن[٥] (آٹھواں حصہ) اولاد کے ساتھ۔

اگر میت نے ایک سے زیادہ بیویاں چھوڑی ہیں تو وہ سب اسی ربع یا ثمن میں برابر حصہ کیساتھ شریک رہینگی۔

ہفتم - بنت - میت کی بیٹی - اس کی تین حالتیں ہیں۔

(١) نصف[٦] جبکہ وہ ایک ہے۔ (٢) ثلثان[٧] (دو ثلث) جبکہ دو یا زیادہ ہوں۔

---

[١] محجوب اسلئے کہ انکی وراثت کلالت سے مشروط ہے اور کلالہ اس میت کو کہتے ہیں جو اپنے پیچھے ماں باپ یا اولاد میں سے جو وارثان اصلی ہیں کسی کو نہ چھوڑے اور وارث کو بھی کہتے ہیں جو میت کے وارثان اصلی میں سے نہ ہوں۔ پہلی صورت میں کلالہ میت کی صفت ہے۔ جیسا کہ ابن عباسؓ نے روایت کی ہے انہ سئل عن الکلالۃ فقال من لا ولد لہ ولا والد۔ اور دوسری صورت میں وہ ورثہ کی صفت ہے۔ جیسا کہ ابو سلمہ بن عبدالرحمن روایت کرتے ہیں۔ انہ سئل عن الکلالۃ فقال من مات ولیس لہ ولد ولا والد فورثتہ کلالۃ۔ بہرحال وارثان اصلی کے ہوتے ہوئے ترکہ میت میں سے کلالہ کو کچھ نہیں ملسکتا۔

[٢] نصف میت کی اولاد زوج کا حصہ گھٹا دیتی ہے پس اگر میت عورت ہے اور اس نے اپنے شوہر کو چھوڑا ہے اور اولاد میں سے کسی کو نہیں چھوڑا تو زوج کو نصف ترکہ ملیگا۔ مسئلہ میت: زوج، عم۔ حسب آیہ کریمہ وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُنَّ وَلَدٌ

[٣] ربع (چوتھائی) اگر میت نے اپنی اولاد کو بھی چھوڑا ہے۔ تو شوہر کا حصہ نصف سے گھٹ کر چوتھائی رہ جاتا ہے۔ مثلاً مسئلہ ٤ میت: زوج، بنت۔ حسب آیہ کریمہ فَإِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ

[٤] ربع۔ اگر میت مرد ہے اور اس نے اپنی بیوی کو چھوڑا ہے اور اسکے ساتھ اولاد میں سے کسی کو نہیں چھوڑا وہ اولاد اسی زوجہ سے ہو خواہ دوسری تو اس صورت میں زوجہ کا حق چوتھائی ہے پھر اگر ایک سے زیادہ ہیں تو سب اسکو آپس میں برابر بانٹ لیں۔ قال اللہ تعالےٰ۔ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكُمْ وَلَدٌ

[٥] اگر اولاد میں سے کوئی موجود ہے۔ تو حصہ زوج کا ربع سے گھٹ کر آٹھواں حصہ رہ جاتا ہے۔ قال اللہ تعالیٰ:۔ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ

[٦] نصف۔ قال اللہ تعالےٰ وَإِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ

[٧] ثلثان۔ دو تہائی۔ قال اللہ تعالےٰ وَإِنْ كُنَّ نِسَاءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ

اس آیت میں فقط دو سے زیادہ نساء کے حکم کی تصریح ہے۔ لیکن حضرت ابن عباسؓ کے سوائے دوسرے تمام اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین اس امر میں متفق ہیں۔ کہ دو بھی جماعت کے حکم میں ہیں۔ لہٰذا دو نساء کا حصہ بھی دو ثلث ہی ہے۔ (خلاصہ شرح سراجی)

(٣) نصف[١] بیٹے سے بطریق لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ - جبکہ میت کا بیٹا موجود ہو۔

ہشتم - بنت الابن - میت کی پوتی اسکی چھ حالتیں ہیں:

(١) نصف[١] جبکہ وہ ایک ہے (٢) ثلثان، اگر دو یا زیادہ ہیں۔

(٣) سدس[٢]، میت کی ایک بیٹی کے ساتھ اور پوتا یا پڑپوتا نہ ہو۔ (٤) محجوب[٣] بشرطیکہ میت کی دو بیٹیاں موجود ہوں۔

(٥) نصف[٤] پوتے سے (بطریق لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ) اگر اسکے ساتھ پوتا بھی ہو۔

(٦) محجوب اگر بیٹا موجود ہے۔

نہم - اُخت لاب و ام - حقیقی بہن اس کی پانچ حالتیں ہیں:۔

(١) نصف[٥] - جبکہ ایک ہو (٢) ثلثان[٦]، اگر دو یا زیادہ ہیں۔

---

[١] نصف اسلئے کہ صلبی بیٹی کے نہ ہوتے ہوئے پوتی اسکے قائمقام ہو جاتی ہے اور مثل بیٹی کے ترکہ کی مستحق بن جاتی ہے۔ بالاتفاق۔

[٢] سدس اسلئے کہ پوتی بمنزلہ بیٹی کے ہے اور ایک سے زیادہ بیٹیوں کا حق دو ثلث ہے۔ پس جب میت کی ایک ہی بیٹی ہے اور اسے نصف مل گیا ہے۔ تو حق بنات میں سے سدس جو باقی رہ گیا ہے۔ وہ سدس تکملہ ثلثین کیلئے پوتی کو ملتا ہے۔ یہی قاعدہ ہر نیچے کے درجہ والیوں کا ہے۔ مثلاً اگر میت نے ایک پوتی کو چھوڑا ہے تو پوتی کو نصف اور پڑپوتی کو تکمیل ثلثین کے لئے سدس دیا جائے گا۔ مثلاً مسئلہ ٤ میت: بنت، بنت الابن۔ مسئلہ ٤ میت: بنت الابن، بنت ابن الابن۔

[٣] محجوب۔ اسلئے کہ بیٹیوں نے کامل حق (دو ثلث) لے لیا ہے۔ اور اسمیں سے کچھ باقی نہیں رہا جو پوتی کو ملتا۔ لہٰذا وہ محروم ہو گئی۔ لیکن اگر اسکے ساتھ پوتا یا پڑپوتا یا اس سے نیچے کے درجہ کا کوئی اولاد ذکور میں سے ہے۔ تو پوتی ان کی جہت سے عصبہ ہو جاتی ہے۔ یہی حال ہر نیچے کے درجہ والیوں کا ہے جبکہ اوپر والیاں ایک سے زیادہ ہوں تو نیچے کے درجہ والیاں محروم ہو جاتی ہیں۔

[٤] اسلئے کہ ولد صلب میں سے اگر کوئی باقی نہ رہے تو پوتا اسکے قائمقام ہو جاتا ہے۔ اور مثل بیٹے کے، اپنی بہن کو عصبہ کر دیتا ہے۔ جس سے پوتی بالاتفاق بطریق عصبیت مستحق ترکہ بن جاتی ہے۔

[٥] نصف موافق آیہ کریمہ وَلَهُ أُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ

[٦] ثلثان قال اللہ تعالیٰ فَإِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثَانِ مرجع ضمیر حقیقی یا علاتی بہنیں ہیں۔ اسلئے کہ اخیافی بہن بھائیوں کے استحقاق ترکہ کا بیان آیت مواریث میں ہے۔ (شرح سراجی)

[٧] نصف بیٹے سے۔ میت جب بیٹی کے ساتھ بیٹے کو بھی چھوڑے تو بیٹی عصبہ بنجاتی ہے۔ بیٹے کی جہت سے اور اسے بیٹے سے نصف ملتا ہے۔ مثلاً اگر ایک بیٹا اور ایک بیٹی ہے۔ تو مال کے تین حصے کر کے دو بیٹے کو اور ایک بیٹی کو دینگے۔ قال اللہ تعالیٰ يُوصِيكُمُ اللَّهُ فِي أَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ

(۳) نصف[1] بھائی سے بطریق لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ ، جبکہ میت کا حقیقی بھائی موجود ہو؛

(۴) تقسیم سے بچا ہوا مال بطریق عصبیت[2] کے اگر بیٹی یا پوتی موجود ہے۔

(۵) مجوب، حاجب کل کے ساتھ۔ مثلاً جبکہ بیٹا یا پوتا یا باپ یا دادا[3] میں سے کوئی ایک موجود ہو؛

دہم۔ اخت لِأَبٍ۔ سوتیلی بہن۔ اور اس کی سات حالتیں ہیں۔

(۱) نصف[4] اگر ایک ہے
(۲) ثلثان جبکہ دو یا زیادہ ہوں؛
(۳) سُدس[5]، میت کی حقیقی بہن کے ساتھ
(۴) مجوب، اگر میت کی دو حقیقی بہنیں ہوں۔ اور سوتیلا بھائی موجود نہ ہو
(۵) نصف بھائی سے بطریق لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ جبکہ سوتیلا بھائی موجود ہو؛
(۶) ذوی الفروض[6] سے بچا ہوا مال بطریق عصبیت کے جبکہ میت کی بیٹی یا پوتی موجود ہو؛
(۷) مجوب حاجب کل کے ساتھ۔ مثلاً بیٹا۔ پوتا باپ دادا۔ سگا بھائی۔ یا سگی بہن[7]۔ بیٹی یا پوتی کے ساتھ موجود ہو؛

---

[1] نصف۔ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فَاِنْ کَانُوْا اِخْوَۃً رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ

[2] بطریق عصبیت۔ قال علیہ الصلوٰۃ والسلام اجعلوا الاخوات مع البنات عصبۃ کہ میت کی بہنوں کو اسکی بیٹیوں کے حصّے سے بچا ہوا مال دیا جائے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ایک میت کے ترکہ کی نسبت (جسنے اپنے پیچھے ایک بیٹی ایک پوتی اور ایک بہن چھوڑی تھی) فرماتے ہیں۔ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ کہ آپنے ایسی صورت میں بیٹی کو نصف۔ پوتی کو سدس تکمیل ثلثین کیلئے اور باقی مال میت کی بہن کو دیدیا تھا (خلاصہ شرح سراجیہ)

[3] مجوب یہ مختار حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ کا ہے کہ دادا کے ہوتے ہوئے حقیقی یا علاتی بھائی بہن محروم ہو جاتے ہیں اور اسی قول پر فتویٰ ہے۔ اور صاحبین کے نزدیک جد صحیح کسی قسم کے بھائی بہن کا حاجب نہیں؛

[4] نصف علاتی بہن یا بہنیں نصف یا ثلثان اسوقت لے سکتی ہیں۔ کہ میت کی حقیقی بہن نہ ہو۔ اور یہ اس لئے کہ میراث میں صلبی بہنیں بیٹیوں کی بجائے اور علاتی بہنیں پوتیوں کے درجہ میں گنی جاتی ہیں؛

[5] سُدس۔ اسلئے کہ اخوات کا کامل حق دو ثلث ہے جسمیں سے صرف نصف ایک اُخت کو ملا ہے۔ لہٰذا تکمیل ثلثین کے لئے بقیہ سدس علاتی بہن کو دیا گیا؛ [6] بچا ہوا مال۔ اسلئے کہ میت کی اولاد اناث مثل بیٹی۔ پوتی کے ساتھ ہمشیرہ حقیقی ہو خواہ علاتی عصبہ بن جاتی ہے۔ جیسا کہ بیان ہو چکا ہے۔ لیکن حقیقی بہن اگر بیٹی یا پوتی کیساتھ موجود ہو تو اسوقت علاتی بہن مجوب ہو جاتی ہے [7] بیٹی یا پوتی کے ساتھ ہونے کی قید اسلئے ہے کہ سگی بہن بیٹی یا پوتی کے ساتھ جمع ہو کر عصبہ بنجاتی ہے۔ اسوقت سوتیلی بہن کو کچھ نہیں ملتا۔ ورنہ صرف سگی بہن کے ہوتے ہوئے سوتیلی بہن مجوب نہیں ہوتی۔ بلکہ اسکے ساتھ سُدس پاتی ہے

یازدہم۔ اُمّ میت کی حقیقی ماں واعہ اس کی تین حالتیں ہیں؛

(۱) ثلث[1] کل، جبکہ میت کی اولاد یا کسی قسم کے دو یا زیادہ بہن بھائی موجود نہ ہوں۔

(۲) سدس[2]، میت کی اولاد کے ساتھ یا کسی قسم کے دو بھائی یا بہنیں موجود ہوں۔

(۳) ثلث[3] باقی۔ جبکہ میت نے اپنے ماں باپ کے ساتھ زوج یا زوجہ کو چھوڑا ہو۔ اس صورت میں زوج یا زوجہ کے قرض دینے کے بعد جو باقی رہے۔ اُسکا ثلث اُم کو ملیگا۔

دوازدہم۔ جدہ صحیحہ۔ میت کی دادی یا نانی۔ اس کی دو حالتیں ہیں؛

(۱) سُدس[4]، ہر دو جانب میں سے کوئی ایک ہو خواہ زیادہ بشرطیکہ ہر دو طرف سے ہوں۔ پس اگر زیادہ ہیں۔ تو ان کا ہم درجہ ہونا ضروری ہے۔

---

[1] ثلث کل۔ قال اللہ تعالیٰ فَاِنْ لَّمْ یَکُنْ لَّہٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَہٗٓ اَبَوٰہُ فَلِاُمِّہِ الثُّلُثُ۔

[2] سدس۔ لقولہ تعالیٰ وَلِاَبَوَیْہِ لِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنْہُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَکَ اِنْ کَانَ لَہٗ وَلَدٌ

[3] ثلث باقی۔ یہ صرف دو صورتوں میں ہے۔ اوّل یہ کہ میت مرد ہو اور اسنے بیوی اور ماں باپ کو چھوڑے۔ دوسری صورت یہ کہ میت عورت ہو اور اسنے خاوند اور ماں باپ کو چھوڑا ہو۔ پس ان ہی دو صورتوں میں اُم کو باقی کا ثلث ملتا ہے۔ اور ان صورتوں میں ثلث باقی اسلئے ملتا ہے کہ قول صحابہؓ کا ہے اور اسکی پر فتویٰ ہے اور دلیل وہی آیت ہے۔ فَلِاُمِّہِ الثُّلُثُ الخ اور امام ابو یوسف کے نزدیک ان دونوں صورتوں میں بجائے ثلث کل کے اگر تو دو صورتوں میں ام کو ثلث باقی ملتا۔

[4] سدس واضح ہو کہ جدہ کی میراث کا ثبوت نص قرانی سے نہیں ہے۔ بلکہ حدیث شریف اسکی موجب ہے۔ عن بریدۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ایسے ہی ابن ماجہ نے یحییٰ بن سعید سے انہوں نے قاسم بن محمد سے روایت کی ہے کہ ایک میت کی نانی اور دادی نے حضرت صدیق رضی اللہ عنہ سے میراث طلب کی تو آپ نے بشہادۃ مغیرہ و محمد بن مسلمہ نانی کو ایک سدس عطا کر دیا۔ اور دادی کو کچھ بھی نہ دیا۔ تو عبدالرحمن بن سہل جو انصار کے خاندان بنی حارثہ میں سے تھے کہا کہ اے خلیفہ رسول اللہ آپنے ایسی عورت کو میت کے مال میں سے میراث دلائی ہے۔ کہ اگر وہ عورت مر جاتی تو اسکے مال میں سے میت کو کچھ بھی نہ ملتا۔ اور ایسی عورت کو مجوب کر دیا کہ اگر وہ (دادی) مر جاتی۔ تو اسکے مال سے میت کو میراث ملتی۔ پس حضرت ابوبکر نے اسی چھٹے حصہ میں دادی کو شریک کر دیا۔ (خلاصہ شرح سراجیہ)

[5] ہر دو جانب۔ یعنی نانی دادی میں سے کوئی ایک موجود ہو۔ سدس اسی کو ملیگا۔ اگر دونوں موجود ہوں تو وہ اسی سدس کو آپس میں برابر بانٹ لیں۔ اسلئے کہ دادی و نانی دونوں کا مجموعی فرض ایک سدس ہے۔ اور اگر کسی ایک جانب کی نانیاں یا جانب کی دادیاں دو سے زیادہ ہیں۔ تو قریب کے درجہ والیاں بعید والیوں کو مجوب کر دینگی؛

ذوی الارحام[1] کی ترتیب ذیل چار صنف ہیں

(جزو میت[1] - اصل میت[2] - جزو اب یا جزو ام میت - جزو جد یا جزو جدہ میت) جن میں سے قوی قرابت الاضعف قرابت والے اور قریب تر بعید تر وارث کا مثل عصبات کے حاجب ہوتا ہے:

توضیح ذوی الارحام کے تمام احکام ترکیں امام محمد رحمہ کے قول پر فتوے ہے جیسا کہ سراجیہ اور فقہ کی دوسری کتابوں میں لکھا ہے۔

صنف اوّل

جزو میت بیٹیوں اور پوتیوں کی اولاد جہانتک نیچے ہوں۔ مثلاً میت کا نواسا۔ نواسیاں میت کے بیٹے پوتے کے نواسے، نواسیاں اور اُن کی اولاد ۔ (۱) صنف اول کے وارث اگر سب درجہ میں برابر نہیں تو اقرب بمیت مقدم ہے مذکر ہو خواہ مؤنث مثلاً میت[۳] مسئلہ بنت البنت ۔

(۲) اگر درجہ میں برابر ہیں اور ایک ولد وارث اور دوسرا ولد ذی رحم ہے تو ولد وارث کو ترجیح ہو گی۔ مثلاً میت[۴] مسئلہ بنت بنت الابن ابن بنت البنت ۔ (۳) اگر سب ایک درجہ کے ولد وارث یا تمام ولد ذی رحم ہیں۔ اور اُن کے اصول کے کسی بطن میں اختلاف بذکورت وانوثت نہیں ہے تو انہیں فروغ موجودین پر باعتبار ان کی صفات کے ترکہ کی تقسیم ہوگی۔ اس طرح اگر موجودین میں اختلاف بذکورت وانوثت نہیں تو سب برابر حصہ پائینگے۔ مثلاً میت[۵] مسئلہ ۲ ابن بنت الابن ابن بنت الابن اور اگر اختلاف ہے تو بطریق لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ ہر مذکر مؤنث سے دوہرا حصہ پائیگا۔ مثلاً میت مسئلہ ابن بنت الابن بنت بنت الابن

(۴) اسی طرح اگر ان کے اصول کے کسی بطن میں اختلاف ہے۔ تو اوّل محل خلاف پر بقاعدہ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ تقسیم ہو کر ہر ایک کا سہم ان کے فروغ موجودین کو ملیگا مثلاً میت مسئلہ بنت ابن البنت بنت بنت البنت

ترتیب وار صنف اوّل کے وارثوں کے نام

ابن البنت[۱] - بنت البنت[۲] - ابن بنت الابن[۳] - بنت بنت الابن - ابن ابن البنت[۵] - بنت ابن البنت[۶]
نواسا ۔ نواسی ۔ بیٹے کا نواسا ۔ بیٹے کی نواسی ۔ نواسے کا بیٹا ۔ نواسے کی بیٹی

ابن بنت البنت[۷] - بنت بنت البنت - ابن بنت ابن الابن[۹] - بنت بنت ابن الابن[۱۰] - ابن ابن بنت الابن[۱۱]
نواسی کا بیٹا ۔ نواسی کی بیٹی ۔ پوتے کا نواسا ۔ پوتے کی نواسی ۔ بیٹے کے نواسے کا نواسا

بنت ابن بنت الابن[۱۲] - ابن بنت بنت الابن[۱۳] - بنت بنت بنت الابن - ابن ابن ابن البنت۔
بیٹے کے نواسے کی بیٹی ۔ بیٹے کی نواسی کا بیٹا ۔ بیٹے کی نواسی کی بیٹی ۔ نواسے کا پوتا

[۱] قال فی الدر المختار۔ لکن قول محمد اشهر الروایتین عن ابی حنیفہ[۲] فی جمیع ذوی الارحام و علیہ الفتویٰ۔ انتہیٰ هکذا فی العالمگیریہ۔ [۲] فرائض انتفاعیہ میں ہے: و اگر کسے از ایشاں ولد عصبہ یا ذی فرض نیست باہم اند۔ در یںصورت نزد ابویوسف ولد اقوی مقدم ست بر ولد اضعف و نزد محمد باعتبار حال اصول ترکہ بر فروغ انقسام یابد علیہ الفتوے۔ [۳] اسلئے کہ بنت البنت میت کے ساتھ ایک واسطے سے اور ابن بنت الابن دو واسطوں سے ملا ہوا ہے۔ لہٰذا بنت البنت کے ہوتے ہوتے ابن بنت الابن محروم ہے۔ [۴] اس صورت میں ایک ذی فرض

[۱] ذوی الارحام یہ وہ رشتہ دار ہیں جو صاحب فرض و عصبہ نہیں اور جو وقت نہ ہونے کسی صاحب فرض

بنت ابن ابن البنت[۱۷] - ابن بنت ابن البنت[۱۸] - بنت بنت ابن البنت - ابن ابن بنت البنت[۱۹]
نواسے کی پوتی ۔ نواسے کا نواسا ۔ نواسے کی نواسی ۔ نواسی کا پوتا

بنت ابن بنت البنت[۲۰] - ابن بنت بنت البنت[۲۱] - بنت بنت بنت البنت
نواسی کی پوتی ۔ نواسی کا نواسا ۔ نواسی کی نواسی

جدول ذوی الارحام صنف اوّل

جزو میت

فصل اوّل

درجہ		
۱	۱ ابن البنت	۲
۱	۱ بنت البنت	۲
۱	۱ ابن بنت الابن	۲
۱	۱ بنت بنت الابن	۲
۱	۱ ابن ابن البنت	۲
۱	۱ بنت ابن البنت	۲
۱	۱ ابن بنت البنت	۲
۱	۱ بنت بنت البنت	۲
۱	۱ ابن بنت ابن الابن	۲
۱	۱ بنت بنت ابن الابن	۲
۱	۱ ابن ابن بنت الابن	۲
۱	۱ بنت ابن بنت الابن	۲
۱	۱ بنت بنت بنت الابن	۲
۱	۱ ابن بنت بنت الابن	۲
۱	۱ ابن ابن ابن البنت	۲
۱	۱ بنت ابن ابن البنت	۲
۱	۱ ابن بنت ابن البنت	۲
۱	۱ بنت بنت ابن البنت	۲

۱	۱ ابن ابن بنت البنت	۲
۱	۱ بنت ابن بنت الابن	۲
۱	۱ ابن بنت بنت البنت	۲
۱	۱ بنت بنت بنت البنت	۲

:	۳ بیٹے کی نواسی کی بیٹی	۴
۱	۳ نواسے کا پوتا	۴
۱	۳ نواسے کی پوتی	۴
۱	۳ نواسے کا نواسا	۴
۱	۳ نواسے کی نواسی	۴
۱	۲ نواسی کا پوتا	۴
۱	۲ نواسی کی پوتی	۴
۱	۳ نواسی کا نواسا	۴
۱	۳ نواسی کی نواسی	۴

فصل ۲

درجہ		
۱	۳ نواسا	۴
۱	۳ نواسی	۴
۱	۳ بیٹے کا نواسا	۴
۱	۳ بیٹے کی نواسی	۴
۱	۳ نواسے کا نواسا	۴
۱	۳ نواسے کی بیٹی	۴
۱	۳ نواسی کا بیٹا	۴
۱	۳ نواسی کی بیٹی	۴
۱	۳ پوتے کا نواسا	۴
۱	۳ پوتے کی نواسی	۴
۱	۳ بیٹے کے نواسے کا بیٹا	۴
۱	۳ بیٹے کے نواسے کی بیٹی	۴
۱	۲ بیٹے کی نواسی کا بیٹا	۴

فصل ۳

بنت البنت ابن البنت		
	۱	۱ نواسا
	۲	۱ نواسی
	۱	۱ نواسی

بیٹے کے نواسے نواسیاں محجوب ہیں۔

فصل ۴

ابن بنت الابن		
	۱	۱ بیٹے کا نواسا
		۱ بیٹے کی نواسی

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۴۵) یعنی بیٹی کی بیٹی ہے اور دوسرا ذی رحم نواسی کا بیٹا ہے لہٰذا ولد وارث کو ترجیح دیگئی ہے۔ [۵] اول محل خلاف پر تقسیم ہو کر فروغ موجودین کو اپنے اصول کا سہم ملتا۔ یہ طریق حضرت امام محمد کا ہے۔ اور حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ سے بھی یہی مشہور روایت ہے اور امام ابویوسف اس صورت میں انہیں فروغ موجودین پر باعتبار ان کی صفات کے تقسیم کرنا جائز رکھتے ہیں۔ فرائض شریفی میں بعض علماء سے نقل ہوا ہے۔ کہ مشائخین بخارا نے بوجہ سہولت امام ابویوسف کے قول پر ہی فتوے دیا ہے۔ قال فی المحیط و مشائخ بخارا اخذوا بقول ابی یوسف فی جنس ہذہ المسائل۔ وقال السید السند وذکر بعضهم ان مشائخ بخارا اخذوا بقول ابی یوسف فی مسائل ذوی الارحام والحیض لانہ الیسر علی المفتی ۱۲ شرح سراجی۔

جدول بقیہ

ذوی الارحام صنفِ دوم

اصل میت یعنی اجداد فاسدین و جدات فاسدات

(۱) اگر سب درجہ میں مساوی نہیں۔ تو اقرب بمیت اولی ہے سا قرب باتم ہو مثلاً اب الام اب ام الام خواہ اقرب باب مثلاً اب ام الام اب ام الاب ؛

(۲) اگر درجہ میں مساوی ہیں۔ لیکن ایک جانب کے نہیں تو فریق اب کے لئے دو اور فریق ام کے لئے ایک ثلث ہوگا۔ مثلاً ام اب ام الاب ام اب ام الام ؛

(۳) اگر سب ایک جانب اور ایک ہی درجہ کے ہیں۔ اور ان کے میت سے ملے ہوئے سلسلے کے کسی بطن میں بھی اختلاف مذکورت والونث نہیں تو بلحاظ ابدان تقسیم ہوگی۔ یعنی بقاعدہ لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ ہر مرد عورت سے دوہرا حصہ پائے گا۔ مثلاً ام اب الام اب اب الام و اب اب ام الاب ام اب ام الاب

ورنہ سلسلے کے جس بطن میں اختلاف ہے۔ اسی محل خلاف پر اول فاکر کی تقسیم ہوگی۔ بعد ازاں ہر ایک کا سہم ان کے موجودہ وارث پائیں گے۔ مثلاً اب اب اب الام اب ام اب الام اور اس صنف میں میت کی طرف بواسطہ وارث منسوب ہونے والا اور بغیر واسطہ وارث کے منسوب ہونیوالا اشخص بشرطیکہ ہم درجہ ہوں مساوی سمجھے جاتے ہیں:-

ترتیب وار صنف دوم کے وارثوں کے نام

اب الام - اب ام الاب - اب اب الام - ام اب الام - اب ام الام - اب ام اب الاب

نانا دادی کا باپ نانے کا باپ نانے کی ماں نانی کا باپ دادے کا نانا

اب اب ام الاب - اب ام ام الاب - اب اب اب الام - ام اب اب الام - اب ام اب الام

دادی کا دادا دادی کی دادی دادی کا نانا نانے کا دادا نانے کی دادی

اب ام اب الام - ام ام اب الام - اب اب ام الام - ام اب ام الام - اب ام ام الام

نانے کا نانا نانے کی نانی نانی کا دادا نانی کی دادی نانی کا نانا

اب ام اب اب الاب - اب اب ام اب الاب - ام اب ام اب الاب - اب ام ام اب الاب

پڑدادے کا نانا دادے کے نانے کا باپ دادے کے نانے کی ماں دادے کی نانی کا باپ

اب اب اب ام الاب - ام اب اب ام الاب - اب ام اب ام الاب - ام ام اب ام الاب

دادی کے دادے کا باپ دادی کے دادے کی ماں دادی کی دادی کا باپ دادی کی دادی کی ماں

اب اب ام ام الاب - ام اب ام ام الاب - اب ام ام ام الاب - اب اب اب اب الام - ام اب اب اب الام

دادی کے نانے کا باپ - دادی کے نانے کی ماں - دادی کی نانی کا باپ - نانے کے دادے کا باپ - نانے کے دادے کی ماں

اب ام اب اب الام - ام ام اب اب الام - اب اب ام اب الام - ام اب ام اب الام - اب ام ام اب الام -

نانے کی دادی کا باپ - نانے کی دادی کی ماں - نانے کے نانے کا باپ - نانے کے نانے کی ماں - نانے کی نانی کا باپ -

ام ام ام اب الام - اب اب اب ام الام - ام اب اب ام الام - اب ام اب ام الام - ام ام اب ام الام -

اب اب ام ام الام (نانی کے نانے کا باپ) ام اب ام ام الام (نانی کے نانے کی ماں) اب ام ام ام الام (نانی کی نانی کا باپ)

ملے فریق اب پھر ان دونوں فریقوں میں سے ہر ایک فریق کے سلسلہ منسوب بمیت میں اگر اختلاف نہیں۔ تو بلحاظ ابدان تقسیم ہوگی۔ ورنہ اول محل خلاف پر تقسیم ہوکر ہر ایک کا سہم ان کے موجودہ وارثوں کو ملے گا ؛

ملے ابی سلیمان جرجانی اور ابی علی بستی کا یہی مذہب ہے۔ اور اصح قول یہی ہے۔ حیسکہ افتیاوار سکب لاانہار میں ہے۔ مثلاً اب اب الام اب ام الام (شریفیہ سراجیہ)

جدول تقسیم ذوی الارحام صنف دوم

ذوی الارحام صنفِ سوم

جزوِ اب یا جزوِ امِّ میّت

یعنی عینی یا علاتی بہنوں اور اخیافی بھائی بہنوں کی اولاد، عینی و علاتی بھائیوں کی بیٹیاں جہاں تک نیچے درجہ کی ہوں،

(۱) اگر درجہ میں برابر نہیں ہیں تو اقرب بمیّت اولیٰ ہے میت مسئلہ ۱ — بنت الاخ ، ابن بنت الاخ م

(۲) اگر درجہ میں برابر ہیں اور بعض ولدِ عصبہ و بعض ولدِ ذوی رحم ہیں تو ولدِ عصبہ کو ترجیح ہوگی میت مسئلہ — بنت ابن الاخ ، ابن بنت الاخت

(۳) اگر درجہ میں برابر ہیں اور سب ولدِ عصبہ ہیں یا ولدِ ذوی رحم ہیں۔ اور ان کے اصول کے کسی بطن میں اختلاف بذکورت و انوثت نہیں ہے تو اشخاص موجودہ پر ان کی صفات کے مطابق ترکہ کی تقسیم ہوگی۔ اگر بعض مذکر اور بعض مؤنث ہیں۔ تو بطریق لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ ہر مرد عورت سے دوہرا حصہ پائیگا میت مسئلہ ۳ — ابن بنت الاخ ، بنت بنت الاخ ورنہ مساوی حصہ پائیں گے میت مسئلہ ۲ — بنت بنت الاخ ، بنت بنت الاخ۔ اسی طرح اگر ان کے اصول کے کسی بطن میں اختلاف ہے تو اول محلِ خلاف پر تقسیم ہوکر ہر ایک کا سہم ان کے موجودہ وارثوں کو ملیگا۔ میت مسئلہ ۳ — بنت اخ عینی ، بنت اخت عینی۔ اگر بعض ولدِ ذوی فرض (اخیافی) اور بعض ولدِ عصبہ ہیں تو ولدِ اخیافی صرف فرض لیگا اور باقی ولدِ عصبہ پائے گا۔ میت مسئلہ ۶ — بنت اخ عینی ۵ ، بنت اخ اخیافی ۱ اور ولدِ ذوی فرض برابر حصہ پاتے ہیں۔ میت مسئلہ ۲ — بنت اخ اخیافی ، بنت اخیافی

ترتیب وار صنفِ سوم کے وارثوں کے نام

بنت الاخ[۱] لہا ۔ ابن الاخت[۲] لہا ۔ بنت الاخت[۳] لہا ۔ بنت الاخ[۴] لہٗ ۔ ابن الاخت[۵] لہٗ ۔ بنت الاخت[۶] لہٗ ۔

بھتیجی ۔ بھانجا ۔ بھانجی ۔ علاتی بھتیجی ۔ علاتی بھانجا ۔ علاتی بھانجی

ابن الاخ[۷] لہا ۔ بنت الاخ[۸] لہا ۔ ابن الاخت[۹] لہا ۔ بنت الاخت[۱۰] لہا ۔ بنت ابن الاخ[۱۱] لہما ۔ ابن بنت الاخ[۱۲] لہما

اخیافی بھتیجا ۔ اخیافی بھتیجی ۔ اخیافی بھانجا ۔ اخیافی بھانجی ۔ بھتیجے کی بیٹی ۔ بھتیجی کا بیٹا

بنت بنت الاخ[۱۳] لہا ۔ ابن ابن الاخت[۱۴] لہا ۔ بنت ابن الاخت[۱۵] لہا ۔ ابن بنت الاخت[۱۶] لہا ۔ بنت بنت الاخت[۱۷] لہا ۔

بھتیجی کی بیٹی ۔ بھانجے کا بیٹا ۔ بھانجے کی بیٹی ۔ بھانجی کا بیٹا ۔ بھانجی کی بیٹی

بنت ابن[۱۸] الاخ لہٗ ۔ ابن بنت[۱۹] الاخ لہٗ ۔ بنت بنت[۲۰] الاخ لہٗ ۔ ابن ابن[۲۱] الاخت لہٗ ۔ بنت ابن[۲۲] الاخت لہٗ ۔

علاتی بھتیجے کی بیٹی ۔ علاتی بھتیجی کا بیٹا ۔ علاتی بھتیجی کی بیٹی ۔ علاتی بھانجے کا بیٹا ۔ علاتی بھانجے کی بیٹی ۔

ابن بنت[۲۳] الاخت لہٗ ۔ بنت بنت[۲۴] الاخت لہٗ ۔ ابن ابن[۲۵] الاخ لہا ۔ بنت ابن[۲۶] الاخ لہا ۔

علاتی بھانجی کا بیٹا ۔ علاتی بھانجی کی بیٹی ۔ اخیافی بھتیجے کا بیٹا ۔ اخیافی بھتیجے کی بیٹی

ابن بنت[۲۷] الاخ لہا ۔ بنت بنت[۲۸] الاخ لہا ۔ ابن ابن[۲۹] الاخت لہا ۔ بنت ابن[۳۰] الاخت لہا ۔

اخیافی بھتیجی کا بیٹا ۔ اخیافی بھتیجی کی بیٹی ۔ اخیافی بھانجے کا بیٹا ۔ اخیافی بھانجے کی بیٹی ۔

ابن بنت[۳۱] الاخت لہا ۔ بنت بنت[۳۲] الاخت لہا

اخیافی بھانجی کا بیٹا ۔ اخیافی بھانجی کی بیٹی

میراث خنثیٰ

خنثیٰ وہ شخص ہے۔ جس میں مذکر و مؤنث دونوں کی علامتیں پائی جائیں۔ یا دونوں میں سے ایک کی بھی نہ ہو بہر حال اگر کوئی جانب غالب نہ ہو۔ اسے مشکل ورنہ غیر مشکل کہتے ہیں۔

تقسیم ترکہ میں خنثیٰ مشکل کو اس وقت مذکر کا حکم دیا جاتا ہے۔ جبکہ اسے بہ نسبت مؤنث قرار دیے جانے کے کم ملے یا کچھ نہ ملے مثلاً صـ مسئلہ ۲ — زوج ۱، اخت عینی ۱، خنثیٰ علاتی م — بحکم مذکر، اور اس وقت مؤنث ٹھہرایا جاتا ہے۔ جبکہ اسے اس صورت میں کم ملے یا کچھ نہ ملے۔ جیسے صـ مسئلہ — زوج ۱، ابن العم م، خنثیٰ ولد عم بمنزلہ بنت عم — اگر مذکر ٹھہرایا جاتا۔ تو وہ نصف مال پاتا۔ لہٰذا مؤنث قرار دے کر اسے محروم کر دیا گیا۔ اس لئے کہ بنت العم ذوی رحم میں سے ہے۔ (سراجیہ)

خنثیٰ غیر مشکل

اگر اس پر جانب ذکورت غالب ہے۔ تو وہ مردوں کے حکم میں شامل ہے۔ اور مردوں کے برابر حصہ پانے کا مستحق ہے۔ اور اگر اس پر جانب انوثت کا غلبہ ہے۔ تو اس کا شمار عورتوں میں ہوتا ہے۔ اور وہ دوسری عورتوں کے مساوی حصہ لیتا ہے۔

میراث حمل

حمل کے لئے مرد کا حصہ رکھ چھوڑیں۔ جبکہ اسے مرد قرار دینے میں زیادہ ملنے کی امید ہو۔ اور عورت کا حصہ لیں۔ جب کہ مؤنث قرار دینے میں اس کو زیادہ مل سکے۔ لیکن دوسرے وارثوں سے ہر حال میں ایک شخص اس امر کا کفیل لیں۔ کہ اگر حمل ایک سے زیادہ پیدا ہو۔ تو جس قدر اس کا استحقاق زیادہ ہو۔ وارثوں سے واپس کرا دے۔

حمل کی اکثر مدت دو برس اور اقل مدت چھ ماہ ہے۔ پس اگر ایک شخص کی موت کے بعد اس کی زوجہ سے دو برس تک یا اس کے اندر اندر لڑکا پیدا ہو۔ تو اس کا نسب اس میت سے ثابت ہوگا۔ اور وہ لڑکا اپنے باپ کے ترکہ سے حصہ پائے گا۔ اور اگر دو برس سے زیادہ مدت کے بعد پیدا ہو۔ تو اس کا نسب اس میت سے ثابت ہوگا۔ اور نہ اس میت کے ترکہ سے بھی اسے کچھ ملے گا۔ اور اگر حمل غیر میت سے ہے۔ اور چھ ماہ یا اقل مدت یا اس سے کم مدت پر پیدا ہوا ہے۔ تو وہ اس میت سے میراث لینے کا مستحق ہوگا۔ ورنہ نہیں۔ مثلاً ایک شخص فوت ہوا۔ اور اس کے بھائی کی عورت حاملہ ہے۔ اور بھائی کی اولاد ہی اس میت کے ترکہ کی مستحق ہے۔ تو ایسی صورت میں

سلہ اصطلاح کہ عضو مردی یا عضو زنی دونوں رکھتا ہو۔ یا ایک بھی نہ رکھتا ہو۔ اور ایک جانب کا غلبہ اسطرح کہ مثلاً آلہ مردی سے پیشاب کرے اور آلہ زنی سے نہ کرے یا اس کے برعکس یا مردوں کی طرح وطی کرے یا عورتوں کی طرح وطی کرائے یا کسی اور طریق سے معلوم کریں۔ سلہ اس صورت میں اگر مؤنث قرار دیا جاتا تو اخت عینی کے ساتھ سدس پاتا اور مذکر ٹھہراتے میں وہ بچے ہوئے مال کا مستحق تھا۔ اور یہاں کچھ مال باقی نہیں رہا۔

سلہ مروی عن ابی یوسف وهو قوله انه كان يوقف نصيب ابن واحد و عليه الفتوى۔ عالمگیریہ او توقف للحمل حظ ابن واحد (تنوير الابصار) او بنت واحدة ايهما كان اكثر وعليه الفتوى لانه الغالب۔ درمختار۔ شرح سراجیہ۔

یا اس چھ ماہ پر یا چھ مہینے کے اندر بعد موت اس شخص کے اگر لڑکا پیدا ہو جائے تو وہ اس میت (چچا) سے میراث لے سکتا ہے۔ اور اگر چھ ماہ کے بعد پیدا ہوا ہے تو اسے کچھ نہ ملیگا۔

میراث مفقود

مفقود اس غائب شخص کو کہتے ہیں جس کے جینے یا مرنے کی کچھ خبر معلوم نہ ہو سکے جب تک مفقود کے پیدا ہونے سے نوے؎ برس کا عرصہ نہ گذر جائے اس کا مال محفوظ رہنا چاہیئے یا اس وقت تک کہ اس کا حال ظاہر ہو جائے اگر مفقود ان لوگوں میں سے ہے کہ بسبب اس کے موجودین کو حجب حرمان حاصل ہوتا ہے۔ تو ان لوگوں کو کچھ بھی نہ دیا جائے۔ اور اگر حجب حرمان نہ ہو بلکہ موجودین کو کچھ کم ملتا ہو تو مفقود کو زندہ تصور کر کے ہر ایک کو اس کے حصہ سے کمتر دیا جائے۔ اور جب مفقود کی مدت غیبوبت گذر جائے اور اسکی موت کا حکم دے دیا جائے تو اس حکم کے بعد جو وارث موجود ہوں وہی اس کا ترکہ پائیں گے قبل حکم جو لوگ مر گئے ہیں انہیں کچھ نہ ملیگا کیونکہ شرط توریث مورث کی موت کے بعد وارث کا زندہ رہنا ہے اور جو مال مفقود کیلئے رکھا گیا تھا وہ اسی مورث کے وارثوں کو دے دیا جائیگا جس مورث کا یہ مال ہے اور مفقود کے وارثوں کو کچھ بھی نہ ملیگا۔ اس واسطے کہ اس حصہ کی نسبت مفقود ایام غیبت میں مردہ کے حکم میں ہے۔ گویا کہ وہ مورث مفقود کی موت کے بعد مرا ہے۔

میراث مرتد

مرتد کسی کا وارث نہیں ہوتا نہ مسلمان کا نہ کافر کا۔ نہ دوسرے مرتد کا لیکن اگر ایک بستی کے تمام لوگ مرتد ہو جائیں تو وہ آپس میں ایک دوسرے کے وارث بنتے ہیں۔ (سراجیہ)

مرتد کے مال کی دو صورتیں ہیں۔ وہ مال جو اس نے حالت میں حاصل کیا ہے وہ اس کے مسلمان وارثوں کا حق ہے جس مال کو اس نے حالت کفر میں کمایا ہے وہ تمام بیت المال کا حق ہے۔ لیکن عورت مرتدہ کا مال مطلقاً ہر حالت میں اس کے مسلمان وارثوں کو پہنچتا ہے۔ لیکن شوہر کو اس کی میراث سے کچھ نہیں ملتا اسلئے کہ ارتداد علاقہ زوجیت کو فاسد کر دیتا ہے جس سے عورت مرتدہ ہوتے ہی اپنے شوہر سے بائن ہو جاتی ہے۔ مگر شافعیہ مالکیہ اور حنابلہ کے نزدیک مرتد کا تمام مال فئے ہے اور محض بیت المال کا حق ہے۔

میراث اسیر

وہ مسلمان جنہیں کافر قید کر کے دار الحرب میں لے گئے ہیں اور بعد اس کے ان کا کچھ حال معلوم نہیں ہوا ان کا حکم مثل مفقود کے ہے۔ (سراجیہ)

حمن لامن، لعبد العاصي محمد فتح الدين اذ بر الحو مثابي ابن حكيم ميان غلام محمد مرحوم الانصاري غفر الله له ولوالديه بحرمة النبي العربي الهاشمي وصلى الله على خير خلقه محمد وآله اجمعين الى يوم الدين

سلہ وقال بعضهم تسعين سنة قال الامام التمرتاشي وعليه الفتوى (شرح سراجيه)

فرائض امامیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مسلک امامیہ پہ وارثوں کے حسب ذیل تین طبقے اور چھ صنفیں ہیں۔ سوائے زوج و زوجہ کے۔

طبقہ اول
- صنف اول۔ میت کے ماں باپ
- صنف دوم میت کے بیٹے، بیٹیاں، پوتے، پوتیاں وغیرہ۔

طبقہ دوم
- صنف اول میت کا دادا، دادی، نانا، نانی
- صنف دوم میت کا عینی و علاتی و اخیافی بھائی، بہن

طبقہ سوم
- صنف اول میت کا چچا۔ پھوپھی
- صنف دوم میت کا ماموں، خالہ

طبقہ اول کے وارث

	نام ذی فرض	مقدار فرض		تقسیم سے بچا ہوا مال لینے والے	مقدار فرض
۱	ماں اگر اس کے ساتھ حاجب نہیں	تیسرا حصہ	۱	باپ اگر اس کے ساتھ اولاد نہیں	•
۲	ماں ساتھ حاجب کے	چھٹا حصہ	۲	بیٹا یا بیٹے	•
۳	باپ اگر اس کے ساتھ اولاد ہے	چھٹا حصہ	۳	بیٹی جب بھائی کے ساتھ ہو	•
۴	ایک بیٹی	نصف مال			
۵	دو یا زیادہ بیٹیاں	دو تہائی			

صنف اول

طبقہ اول کی پہلی صنف کے وارث میت کے ماں باپ ہیں اگر وہ نہ ہوں تو انکے ماں باپ اور انکی اولاد میں سے کوئی شخص مقرر نہ کیا جائیگا۔ جب تک کہ اسی طبقہ کی دوسری صنف کا کوئی ایک وارث باقی ہے۔

صنف دوم

طبقہ اول کی دوسری صنف کے وارث میت کی اولاد ہے تقسیم میں ہر مرد کو عورت سے دگنا حصہ ملتا ہے۔ قریبی رشتہ دار کے سامنے البعد محروم ہو جاتا ہے مثلاً بیٹی کے ساتھ پوتا۔ نواسہ کچھ نہیں پاتا۔

بیٹا بیٹی کے نہ ہونے کی صورت میں انکی اولاد مستحق ہوتی ہے اسطرح کہ پہلے میت کے بیٹے بیٹی کا حصہ مقرر کریں۔

ماں کا حصہ اولاد کے ہونے سے گھٹ جاتا ہے اور اسکو بجائے ثلث کے ایک سدس ملتا ہے لیکن جب کوئی اولاد میں سے ذوالفرائض اسکے ساتھ جمع ہو مانند ایک بیٹی یا دو بیٹیاں یا زیادہ کے تو اسوقت بعض صورت میں اس پر بھی رد ہوگا یہی حال ہے باپ کے ساتھ رد کا۔ اور یہی حال میت کے بھائی بہن کا ہے کہ یہ بھی مثل اولاد کے ماں کے حاجب ہوتے ہیں کہ حصہ اس کا ان کے ہونے سے ثلث سے گھٹ کر سدس رہ جاتا ہے لیکن ان کے حاجب ہونے کی پانچ شرطیں ہیں۔ (۱) بھائی بہنیں عینی یا علاتی میت کے ہوں۔ (۲) دو یا دو سے زیادہ بھائی ہوں یا ایک بھائی اور دو بہنیں یا صرف چار بہنیں قائم مقام دو بھائیوں کے ہوں (۳) میت کا باپ بھی موجود ہو (۴) بھائی بہنوں میں سے کوئی مملوک یا غیر مسلمان نہ ہو (۵) حاجب پیدا ہو چکے ہوں۔ ر ا کو الاحکام

اس کے بعد انہیں حصوں کو ان کی اولاد پر تقسیم کر دیں۔ یعنی بیٹی کا حصہ نواسوں کو اور بیٹے کا پوتوں کو دیں۔ اگر وہ مرد عورت ہیں تو مرد کو عورت سے دگنا دیں۔ مثلاً ایک شخص پوتا پوتی۔ نواسہ نواسی کو چھوڑ مرا تو پہلے متروکہ میت سے دوہرا حصہ بیٹے کا اور اکہرا حصہ بیٹی کا قائم کرکے بیٹی کا حصہ نواسہ و نواسی کو بتفاوت مرد و زن اور بیٹے کا حصہ اس کی اولاد کو بتفاوت مرد و زن دیا جائیگا۔

طبقہ دوم کے وارث

	نام ذی فرض	مقدار فریضہ		باقی مال لیتے والے	مقدار فریضہ
۱	عینی یا علاتی ایک بہن بغیر اجداد و پدری و برادران پدری کے	نصف مال	۱	عینی یا علاتی ایک یا زیادہ بھائیاں	•
۲	نانا۔ نانی ساتھ اجداد پدری و اخوہ پدری کے	تیسرا حصہ	۲	عینی یا علاتی بہن۔ عینی یا علاتی بھائی کے ساتھ یا جد پدری کے ساتھ ایک ایک بھائی بہن ہو خواہ زیادہ	
۳	عینی یا علاتی دو بہنیں	دو تہائی			
۴	ایک بہن مادری یا بھائی مادری	چھٹا حصہ	۳	دادا دادی	
۵	دو بہنیں یا دو بھائی مادری	تیسرا حصہ		نانا۔ نانی بغیر اخوۃ و اجداد پدری کے	

صنف اول

طبقہ دوم کی صنف اول کے وارث دادا، دادی، نانا، نانی ہیں۔ اجداد پدری و مادری، جب آپس میں جمع ہوں تو جد مادری ایک ہو خواہ زیادہ صرف ثلث تہائی پاتے ہیں اور تقسیم ثلث ان پر برابر ہوتی ہے۔ مرد و عورت کے حصہ میں کمی بیشی نہیں ہوتی اور بقیہ دو ثلث اجداد پدری لیتے ہیں اور مرد عورت سے دوہرا حصہ لیتا ہے اگر اس صنف کے رشتہ دار صنف ثانی کے رشتہ داروں کے ساتھ جمع ہوں تو دادا، دادی شریک اور حکم میں عینی اور علاتی بھائی بہن کے ہوتے ہیں اور نانا نانی شریک اور حکم میں اخیافی بھائی بہن کے۔ اگر ایک ہی بھائی اخیافی ہے تو اس کا حصہ گھٹ جاتا ہے۔ مگر نانا نانی کا ثلث سے کم نہیں ہوتا اور وارث قریب اس صنف کا دوسری صنف کے وارث بعید کو محروم نہیں کر سکتا۔ مثلاً دادا بھتیجے کا مانع نہیں ہے لیکن اسی صنف کا قریبی اسی صنف کے البعد کا البتہ مانع ہے۔ مثلاً دادا یا نانی موجود گی میں پردادا اور نانا، پڑنانا کو محروم کر دیتا ہے۔

فائدہ، اگر اجداد ماں باپ کے ساتھ جمع ہوں تو انہیں کچھ نہیں ملتا۔ لیکن ماں باپ پر واجب ہے کہ وہ ان کی خوراک کا لحاظ رکھیں۔

صنف ثانی

طبقہ دوم کی صنف ثانی کے وارث عینی و علاتی و اخیافی بھائی بہن ہیں۔ علاتی بھائی بہن عینی کے ساتھ کچھ نہیں پاتے۔ اگر عینی نہ ہوں تو علاتی ان کے قائم مقام ہوتے ہیں اور اخیافی محجوب نہیں ہوتا اگر خود نہ ہوں ان کی اولاد ان کے قائم مقام ہوتی ہے۔ اس صنف کے قریبی دوسری صنف کے ابعد کا مانع نہیں ہے۔ مثلاً بھائی پردادے حاجب نہیں۔ البتہ اسی صنف کا اقرب اسی صنف کے ابعد کو محروم کر دیتا ہے۔ مثلاً بھائی کے ساتھ بھتیجا محروم ہے۔

طبقہ سوم کے وارث

نمبر	نام ذوی فرض	مقدار فرض	نمبر	باقی مال لینے والے	مقدار فرض
۱	ایک چچا یا پھوپھی اخیافی ساتھ اعمام پدری کے	اصل سدس، سدس و باقی	۱	چچا اور پھوپھی پدری	۰
۲	دو چچا یا پھوپھی اخیافی ساتھ اعمام پدری کے	اصل ثلث، ثلث و باقی	۲	چچا و پھوپھی مادری بغیر اعمام پدری کے	۰
۳	ماموں یا خالہ اخیافی ساتھ اخوان پدری کے	اصل سدس، سدس و باقی	۳	ماموں خالہ مادری بغیر اخوان پدری و اعمام کے	۰
۴	دو ماموں یا خالہ یا زیادہ ساتھ اخوان پدری کے	اصل ثلث، ثلث ثلث			
۵	ماموں اخیافی بغیر خال پدری کے ساتھ مطلق اعمام کے	ثلث			
۶	اخوان پدری ساتھ اعمام کے				

صنف اول

طبقہ سوم کی صنف اول کے وارث عینی و علاتی و اخیافی چچا و پھوپھی ہیں۔ عینی کے ہوتے علاتی محجوب ہوتا ہے اور اخیافی چچا دونوں کے ساتھ حصہ پاتا ہے اگر ایک ہو تو چھٹا حصہ اور دو یا زیادہ ہوں تو تیسرا حصہ پاتے ہیں اگر چچا نہ ہو تو اس کی اولاد اس کے قائم مقام ہوتی ہے اور اقرب ابعد کو محروم کر دیتا ہے۔ مثلاً چچا اپنی موجودگی میں دوسرے چچا کے بیٹے کو محجوب کر دیتا ہے۔ حقیقی و علاتی چچا اور پھوپھی میں بتفاوت مرد و زن اور اخیافی چچا اور پھوپھی میں برابر تقسیم ہوتی ہے۔

صنف دوم

طبقہ سوم کی دوسری صنف کے وارث عینی، علاتی، اخیافی ماموں خالہ ہیں۔ ماموں خالہ عینی ہو یا علاتی یا اخیافی اگر جمع ہوں تو برابر حصہ پاتے ہیں۔ لیکن عینی علاتی کا مانع ہے اگر اس صنف کا رشتہ دار پہلی صنف کے وارث کے ساتھ جمع ہو۔ مثلاً اعمام عینی اور اخوال عینی جمع ہوں تو دو ثلث، اعمام یعنی چچا اور پھوپھی پر بتفاوت مرد و زن اور ایک ثلث اخوال یعنے ماموں اور خالہ میں برابر تقسیم ہوگا۔

وارثان سببی

شوہر و زوجہ

شوہر اپنی زوجہ کا اس وقت وارث ہوتا ہے کہ اس کا نکاح دائمی ہو۔ اگر متعہ ہوا ہے اور اس میں وارث ہونے کی شرط نہیں ہوئی تو شوہر اپنی زوجہ کا وارث نہیں ہوسکتا اور زوجہ بھی شوہر کے متروکہ سے کچھ نہیں پاتی۔ لیکن اگر متعہ میں انھوں نے ایک دوسرے کے وارث ہونے کی شرط کر لی ہے تو ہر ایک دوسرے کا وارث ہو جاتا ہے۔

حصہ اس کا ساتھ اولاد کے ربع اور بدون اولاد نصف مال ہے۔

زوجہ یعنی وہ عورت کہ جس کا نکاح دائمی ہے یا متعہ بشرط میراث

جس عورت کی اولاد نہیں ہوس کو زمین مکانات، وغیرہ سے کچھ حصہ نہیں ملیگا اور قیمت عملہ و عمارت مکان وغیرہ سے حصہ لے گی۔

زوجہ کسی وارث کی مانع نہیں ہے حصہ اس کا ساتھ اولاد کے ثمن (آٹھواں حصہ) اور بدون اولاد کے ربع (چوتھائی) ہے۔ اگر زیادہ بیویاں ہیں تو وہ اسی ثمن یا ربع کو اپنے میں برابر تقسیم کرلیں۔ جس عورت کو مریض طلاق دے اسی مرض میں سال کے اندر اندر مر جائے وہ عورت مثل منکوحہ عورت کے ہوگی۔ طلاق بائن ہو خواہ رجعی۔ مگر سال کے بعد یا کہ وہ اسی سال میں دوسرے مرد سے نکاح کرلے یا شوہر اول اس مرض سے اچھا ہو جائے اور ایام عدت رجعیہ بھی گذر جائیں تو زوجہ طلاق دہندہ کی وارث نہ ہوگی۔

امام علیہ السلام

اگر کوئی وارث باقی نہ رہے تو متروکہ امام کو ملے گا۔ اگر ظاہر نہیں تو مجتہد العصر مختار ہے۔ اگر زوجہ ہے تو اس کو فقط اس کا فرض دیا جائے گا۔ اور باقی امام یا مجتہد لے گا۔

(دیکھو قواعد المیراث۔ صدرائع الاحکام وغیرہ کتب فرائض امامیہ)

زوجہ	فصل ۱							
			نصف ۱	۱ باقی نانا	۲	نصف ۱	۱ نصف و باقی بہن کی اولاد	۲
نصف ۱	۱ باقی باپ	۲	〃 ۱	۱ 〃 نانی	۲	〃 ۱	۱ باقی علاتیوں کی اولاد	۲
〃 ۱	۱ باقی ماں	۲	〃 ۱	۱ 〃 بھائی	۲	〃 ۱	۱ 〃 اخیافیوں کی اولاد	۲
ربع ۱	۳ باقی بیٹا	۴	〃 ۱	۱ نصف و باقی بہن	۲	〃 ۱	۱ 〃 چچا	۲
〃 ۱	۳ نصف و باقی بیٹی	۴	〃 ۱	۱ دو تہائی و باقی بہنیں	۲	〃 ۱	۱ 〃 پھوپھی	۲
〃 ۱	۳ دو تہائی و باقی بیٹیاں	۴	〃 ۱	۱ باقی بھائی بہنیں	۲	〃 ۱	۱ 〃 علاتی چچا	۲
〃 ۱	۳ باقی بیٹا بیٹیاں	۴	〃 ۱	۱ 〃 علاتی بھائی	۲	〃 ۱	۱ 〃 علاتی پھوپھی	۲
〃 ۱	۳ 〃 پوتا	۴	〃 ۱	۱ نصف و باقی علاتی بہن	۲	〃 ۱	۱ 〃 اخیافی چچا	۲
〃 ۱	۳ نصف و باقی پوتی	۴	〃 ۱	۱ دو تہائی و باقی علاتی بہنیں	۲	〃 ۱	۱ 〃 اخیافی پھوپھی	۲
〃 ۱	۳ دو تہائی و باقی پوتیاں	۴	〃 ۱	۱ باقی نواسیاں	۲	〃 ۱	۱ 〃 ماموں	۲
〃 ۱	۳ باقی پوتا پوتیاں	۴	〃 ۱	۱ سدس و باقی اخیافی	۲	〃 ۱	۱ 〃 خالہ	۲
〃 ۱	۳ 〃 بیٹے کی اولاد	۴	〃 ۱	۱ ثلث و باقی اخیافیاں	۲	〃 ۱	۱ 〃 علاتی ماموں	۲
〃 ۱	۳ نصف و باقی نواسہ	۴	〃 ۱	۱ باقی بھتیجا	۲	〃 ۱	۱ 〃 علاتی خالہ	۲
〃 ۱	۳ 〃 نواسے کا بیٹا	۴	〃 ۱	۱ 〃 بھتیجی	۲	〃 ۱	۱ 〃 اخیافی ماموں	۲
〃 ۱	۳ 〃 بیٹی کی اولاد	۴	〃 ۱	۱ 〃 بھائی کی اولاد	۲	〃 ۱	۱ 〃 اخیافی خالہ	۲
نصف ۱	۱ باقی دادا	۲	〃 ۱	۱ نصف و باقی بھانجا	۲	〃 ۱	۱ 〃 امام یا مجتہد	۲
〃 ۱	۱ 〃 دادی	۲	〃 ۱	۱ 〃 بھانجی	۲			

فصل ۲

زوجہ ربع ۱	۳ باقی باپ	۴
ربع ۱	۳ 〃 ماں	۴
ثمن ۱	۷ 〃 بیٹا	۸
〃 ۱	۷ نصف و باقی بیٹی	۸
〃 ۱	۷ دو تہائی و باقی بیٹیاں	۸
〃 ۱	۷ باقی بیٹا بیٹیاں	۸
〃 ۱	۷ 〃 پوتا	۸
〃 ۱	۷ نصف و باقی پوتی	۸
〃 ۱	۷ دو تہائی و باقی پوتیاں	۸
〃 ۱	۷ باقی پوتا پوتیاں	۸
〃 ۱	۷ 〃 بیٹے کی اولاد	۸
〃 ۱	۷ نصف و باقی نواسہ	۸
〃 ۱	۷ 〃 نواسے کا بیٹا	۸
〃 ۱	۷ 〃 بیٹی کی اولاد	۸
ربع ۱	۳ باقی دادا	۴
〃 ۱	۳ 〃 دادی	۴
〃 ۱	۳ 〃 نانا	۴
〃 ۱	۳ 〃 نانی	۴
〃 ۱	۳ 〃 بھائی	۴
〃 ۱	۳ نصف و باقی بہن	۴
〃 ۱	۳ دو تہائی و باقی بہنیں	۴
〃 ۱	۳ باقی بھائی بہنیں	۴
〃 ۱	۳ 〃 علاتی بھائی	۴
〃 ۱	۳ 〃 علاتی بہن	۴
〃 ۱	۳ 〃 علاتی بہنیں	۴
〃 ۱	۳ 〃 علاتیاں	۴
〃 ۱	۳ سدس و باقی اخیافی	۴
〃 ۱	۳ ثلث و باقی اخیافیاں	۴
〃 ۱	۳ باقی بھتیجا	۴
〃 ۱	۳ 〃 بھتیجی	۴
ربع ۱	۳ باقی بھائی کی اولاد	۴
〃 ۱	۳ 〃 علاتی بھتیجا	۴
〃 ۱	۳ 〃 علاتی بھتیجی	۴
〃 ۱	۳ 〃 علاتی بھائی کی اولاد	۴
〃 ۱	۳ 〃 بھانجا	۴
〃 ۱	۳ نصف و باقی بھانجی	۴
〃 ۱	۳ 〃 بہن کی اولاد	۴
〃 ۱	۳ باقی اخیافیوں کی اولاد	۴
〃 ۱	۳ 〃 چچا	۴
〃 ۱	۳ 〃 پھوپھی	۴
〃 ۱	۳ 〃 علاتی چچا	۴
〃 ۱	۳ 〃 علاتی پھوپھی	۴
〃 ۱	۳ 〃 اخیافی چچا	۴
〃 ۱	۳ 〃 اخیافی پھوپھی	۴
〃 ۱	۳ 〃 ماموں	۴
〃 ۱	۳ 〃 خالہ	۴
〃 ۱	۳ 〃 علاتی ماموں	۴
〃 ۱	۳ 〃 علاتی خالہ	۴
〃 ۱	۳ 〃 اخیافی ماموں	۴
〃 ۱	۳ 〃 اخیافی خالہ	۴
〃 ۱	۳ 〃 امام یا مجتہد	۴

فصل ۳

باپ باقی ۲	۱ ثلث ماں	۳
سدس ۱	۵ باقی بیٹا	۶
سدس باقی شریک ۱	۳ نصف بیٹی	۴
〃 〃 ۱	۴ دو تہائی بیٹیاں	۵
سدس ۱	۵ باقی بیٹا بیٹیاں	۶
〃 ۱	۵ 〃 پوتا	۶
سدس باقی شریک ۱	۳ نصف پوتی	۴
〃 〃 ۱	۴ دو تہائی پوتیاں	۵
سدس ۱	۵ باقی بیٹے کی اولاد	۶

سدس باقی شریک ۱	۳ نصف و باقی نواسہ	۴
〃 〃 ۱	۳ حق پدر نواسے کا بیٹا	۴
〃 〃 ۱	۳ نصف بیٹی کی اولاد	۴

دادا - دادی - نانا - نانی وغیرہ محجوب ہیں

فصل ۱

ماں سدس ۱	۵ باقی بیٹا	۶
سدس باقی شریک ۱	۳ نصف بیٹی	۴
〃 〃 ۱	۴ دو تہائی بیٹیاں	۵
سدس ۱	۵ باقی بیٹا بیٹیاں	۶
〃 ۱	۵ 〃 پوتا	۶
سدس باقی شریک ۱	۳ نصف پوتی	۴
〃 〃 ۱	۴ دو تہائی پوتیاں	۵
سدس ۱	۵ باقی بیٹے کی اولاد	۶
سدس باقی شریک ۱	۳ نصف نواسہ	۴
〃 〃 ۱	۳ 〃 نواسے کا بیٹا	۴
〃 〃 ۱	۳ 〃 بیٹی کی اولاد	۴

دادا - دادی - نانا - نانی بھائی وغیرہ محجوب ہیں

فصل ۵

بیٹا نصف ۱	۱ نصف بیٹا	۲
دوحصہ ۲	۱ یکحصہ بیٹی	۳
بیٹی ۱	۱ بیٹی	۲

پوتا - پوتی نواسہ - دادا - نانا وغیرہ محجوب ہیں

فصل ۶

پوتا نصف ۱	۱ نصف پوتا	۲
دوحصہ ۲	۱ یکحصہ پوتی	۳
پوتی ۲	۱ 〃 نواسہ	۳
نصف ۱	۱ نصف پوتی	۲
باقی ۲	۱ یکحصہ نواسہ	۳

دادا - دادی - نانا - نانی بھائی وغیرہ محجوب ہیں

فصل ۷

دادا دوحصہ ۲	۱ یکحصہ دادی	۳
دوثلث ۲	۱ یک ثلث نانا	۳
باقی ۲	۱ ثلث نانی	۳
مساوی ۱	۱ مساوی بھائی	۳
دوحصہ ۲	۱ یکحصہ بہن	۳
مساوی ۱	۱ مساوی علاتی بھائی	۲
دوحصہ ۲	۱ یکحصہ علاتی بہن	۳
باقی ۵	۱ سدس اخیافی	۶
〃 ۲	۱ ثلث اخیافیاں	۳
دوحصہ ۲	۱ یکحصہ بھانجا	۳
〃 ۲	۱ 〃 علاتی بھانجا	۳
مساوی ۱	۱ مساوی بھتیجا	۲
دوحصہ ۲	۱ یکحصہ بھتیجی	۲
مساوی ۱	۱ مساوی علاتی بھتیجا	۲
دوحصہ ۲	۱ یکحصہ علاتی بھتیجی	۳

چچا - پھوپھی - چچیرا بھائی ماموں وغیرہ محجوب ہیں

فصل ۸

دادی دوحصہ ۲	۱ یکحصہ نانا	۳
〃 ۲	۱ 〃 نانی	۳
〃 ۲	۱ 〃 نانا، نانی	۳
یکحصہ ۱	۲ دوحصہ بھائی	۳
مساوی ۱	۱ مساوی بہن	۲
یکحصہ ۱	۲ دوحصہ علاتی بھائی	۳
مساوی ۱	۱ مساوی علاتی بہن	۲
باقی ۵	۱ سدس اخیافی	۶
〃 ۲	۱ ثلث اخیافیاں	۳
مساوی ۱	۱ مساوی بھانجا	۲
〃 ۱	۱ 〃 علاتی بھانجی	۲
یکحصہ ۱	۲ دوحصہ بھتیجا	۳
مساوی ۱	۱ مساوی بھتیجی	۲
یکحصہ ۱	۲ دوحصہ علاتی بھتیجا	۳
مساوی ۱	۱ مساوی علاتی بھتیجی	۲

چچا - پھوپھی - چچیرا بھائی وغیرہ محجوب ہیں

فصل ۹

نانا مساوی ۱	۱ مساوی ثانی	۲
ثلث ۱	۲ باقی بھائی	۳
، ۲	۳ نصف باقی مشترک بہن	۵
، ۱	۲ باقی علاقی بھائی	۳
، ۲	۳ نصف باقی مشترک علاقی بہن	۵
ثلث باقی مشترک ۲	۱ سدس اخیافی	۳
ثلث ۲	۳ نصف باقی مشترک بھانجا	۵
، ۲	۳ ، ، ، علاقی بھانجا	۵
، ۱	۲ باقی بھتیجا	۳
، ۱	۲ ، بھتیجی	۳
، ۱	۲ ، علاقی بھتیجا	۳
، ۱	۲ ، علاقی بھتیجی	۳

چچا - پھوپھی - چچیرا بھائی وغیرہ محجوب ہیں

فصل ۱۰

نانی ثلث ۱	۲ باقی بھائی	۳
ثلث باقی مشترک ۲	۳ ، بہن	۵
ثلث ۱	۲ ، علاقی بھائی	۳
ثلث باقی مشترک ۲	۳ نصف علاقی بہن	۵
ثلث ۲	سدس اخیافی	۶
ثلث باقی مشترک ۲	۲ نصف بھانجا	۵
، ، ، ۲	۳ ، علاقی بھانجا	۵
ثلث ۱	۲ باقی بھتیجا	۳
، ۱	۲ ، بھتیجی	۳
، ۱	۲ ، علاقی بھتیجا	۳
، ۱	۲ ، علاقی بھتیجی	۳

چچا - پھوپھی - چچیرا بھائی وغیرہ محجوب ہیں

فصل ۱۱

بھائی نصف ۱	۱ نصف بھائی	۲
دو حصہ ۲	۱ یکحصہ بہن	۳
باقی ۵	۱ سدس اخیافی	۶
باقی ۲	۱ ثلث اخیافیاں	۳
بہن نصف باقی مشترک ۳	۱ سدس اخیافی	۴
نصف باقی مشترک ۲	۲ ثلث اخیافیاں	۵

علاتیاں - بھانجے بھتیجے وغیرہ محجوب ہیں۔

فصل ۱۲

علاقی بھائی نصف ۱	۱ نصف علاقی بھائی	۲
دو حصہ ۲	۱ یکحصہ علاقی بہن	۳
باقی ۵	۱ سدس اخیافی	۶
، ۲	۱ ثلث اخیافیاں	۳
علاقی بہن نصف باقی مشترک ۳	۲ سدس اخیافی	۵
، ، ، ۳	۲ ثلث اخیافیں	۵

بھانجے بھتیجے وغیرہ محجوب ہیں

فصل ۱۳

چچا نصف ۱	۱ نصف چچا	۲
دو حصہ ۲	۱ یکحصہ پھوپھی	۳
باقی ۵	۱ سدس اخیافی چچا	۶
، ۵	۱ ، اخیافی پھوپھی	۶
، ۲	۱ ثلث ماموں	۳
، ۲	۱ ، خالہ	۳
، ۲	۱ ، علاقی ماموں	۳
، ۲	۱ ، علاقی خالہ	۳
، ۲	۱ ، اخیافی ماموں	۳
، ۲	۱ ، اخیافی خالہ	۳

علاقی چچا و علاقی پھوپھی محجوب ہیں

فصل ۱۴

علاقی چچا نصف ۱	۱ نصف علاقی چچا	۳
دو حصہ ۲	۱ یکحصہ علاقی پھوپھی	۳
باقی ۲	۱ ثلث ماموں	۳
، ۲	۱ ، خالہ	۳
، ۲	۱ ، علاقی ماموں	۳
، ۲	۱ ، علاقی خالہ	۳

باقی ۲	۱ ثلث اخیافی ماموں	۳
، ۲	۱ ، اخیافی خالہ	۳

چچیرا بھائی وغیرہ محجوب ہیں

فصل ۱۵

پھوپھی مساوی	۱ مساوی پھوپھی	۲
باقی ۵	۱ سدس اخیافی چچا	۶
، ۵	۱ ، اخیافی پھوپھی	۶
، ۲	۱ ثلث ماموں	۳
، ۲	۱ ، خالہ	۳
، ۲	۱ ، علاقی ماموں	۳
، ۲	۱ ، علاقی خالہ	۳
، ۲	۱ ، اخیافی ماموں	۳
، ۲	۱ ، اخیافی خالہ	

علاقی پھوپھی وغیرہ محجوب ہیں

فصل ۱۶

اخیافی چچا مساوی ۱	۱ مساوی اخیافی پھوپھی	۲
باقی ۲	۱ ثلث ماموں	۳
، ۲	۱ ، خالہ	۳
، ۲	۱ ، علاقی ماموں	۳
، ۲	۱ ، علاقی خالہ	۳
، ۲	۱ ، اخیافی ماموں	۳
، ۲	۱ ، اخیافی خالہ	۳

فصل ۱۷

ماموں ۱	۱ خالہ	۲
ثلث باقی مشترک ۲	۱ سدس اخیافی ماموں	۳
، ، ، ۲	۱ ، اخیافی خالہ	۳
اخیافی ماموں	۱ اخیافی خالہ	۲

ماخوذ از معتبر کتب امامیہ، والحق عند اللہ

توریث ہنود

موافق دھرم شاستر

یہ دریافت کرنا کہ قوانین فرائض ہنود کے اصول کی بنیاد کیا ہے - ایک وقت طلب بحث ہے - مگر عام کی واقفیت کے لئے ہم اس قدر لکھ دینا کافی سمجھتے ہیں - لائق پنڈت جگندر دسمارتا شرومنی اپنی کتاب لاجواب "شریعت دھرم شاستر" میں لکھتے ہیں - ابتدائے عالم میں کل اراکین جماعت انتظامی کیلئے چند قواعد قابل پابندی کافی سمجھے گئے تھے - بعدہٗ جماعت کی ترقی کے ساتھ ساتھ رفتہ رفتہ ان قواعد میں ترقی ہوگئی - کئی پشت تک قواعد سینہ بسینہ چلے آئے - آخر کار جب فن کتابت کی ایجاد ہوئی - تو قواعد مذکور کی تدوین عمل میں آئی - جو عالم کو تدوین کرتے ہیں - وہ آسانی کے ساتھ خود یقین کر لیتے ہیں - اور دوسروں کو یقین کرا دیتے ہیں - کہ خواہ کا نزول خدا کی طرف سے ہوا ہے - اور ان میں تغیر و تبدل کی گنجائش نہیں - کیونکہ قواعد کو بنے ہوئے ایک بڑی مدت گذر گئی تھی - اس لئے فراموشی کا کام بھی خود بخود آسان ہوگیا - یعنے قواعد کی اصلیت سب بھول گئے اور صرف الہام کا تصور باقی رہ گیا - جس کو انہوں نے وید سے منسوب کر دیا - اور یہی دھرم شاستر کا اصلی ماخذ ہے - انتہی

دھرم شاستر کے ماخذ و مخرج حسب ذیل چار ہیں۔

اوّل سمرتی یعنے وید   دوم سنیتھا یعنے سمرتیاں   سوم پران

چہارم ایسے علماؤں کے تصانیف و شروح و غلا۔ سے جن کو الہام ہونے کا دعوےٰ نہ تھا +

الغرض، زمانہ قدیم میں جن اسباب سے مختلف فرقے قائم ہوگئے تھے۔ انہیں وجوہ سے زمانہ مابعد میں دھرم شاستر کے پانچ فرقے قائم ہوگئے۔ جو فی الحال قائم ہیں

اسکول دھرم شاستر

- وائے بھاگ بنگالہ
- متاکشرا
  - دراوڈ
    - اندرا
    - کرناٹک
    - دراود خاص
  - مہاراشٹر
  - متھلا
  - بنارس

دھرم شاستر کے گو بظاہر آٹھ اسکول ہیں۔ لیکن دراصل وہ پانچ ہیں۔ جن کے سلسلہ توریث میں اختلاف ہے اور وہ یہ ہیں:- وائے بھاگ بنگالہ۔ دراوڈ۔ مہاراشٹر۔ متھلا۔ بنارس۔ ان پانچوں اسکولوں کے طریق پر ایک ایک جامع و مانع سلسلۂ توریث کا قائم کرنا بھی اگرچہ محال ہے۔ اس لئے کہ مؤلفین توریث کے اختلافات کے سوائے کورٹوں کے فیصلہ جات میں بھی اختلاف ہے۔ لہٰذا ہم نے ہر ایک اسکول کی ایک ایک متفق علیہ فہرست سلسلۂ توریث کی مرتب کی ہے جو علیحدہ علیحدہ ذیل میں لکھی جاتی ہے۔

سلسلہ توریث ہنود مطابق دھرم شاستر بنگالہ

نمبر		نمبر		نمبر	
				۳۱	نانا
۱	بیٹا	۱۶	بھائی کا نواسہ	۳۲	ماموں
۲	پوتا	۱۷	دادا	۳۳	ماموں کا بیٹا
				۳۴	ماموں کا پوتا
۳	پڑپوتا	۱۸	دادی	۳۵	نانا کی دختر کا لڑکا
۴	زوجہ	۱۹	چچا	۳۶	پڑنانا
۵	دختر ناکتخدا	۲۰	چچا کا بیٹا	۳۷	پڑنانا کا بیٹا
۶	دختر کتخدا جسکا لڑکا ہو یا لڑکا ہونے کی امید ہو	۲۱	چچا کا پوتا	۳۸	پڑنانا کا پوتا
۷	نواسہ	۲۲	پھوپھی زاد بھائی	۳۹	پڑنانا کا پڑپوتا
۸	باپ	۲۳	چچا کا نواسہ	۴۰	پڑنانا کی دختر کا بیٹا
۹	ماں	۲۴	پڑدادا	۴۱	پڑنانا کا باپ
۱۰	بھائی جو شامل رہتا ہے	۲۵	پڑدادی	۴۲	پڑنانا کے باپ کا بیٹا
۱۱	بھائی جو شامل نہیں رہتا	۲۶	دادا کا بھائی	۴۳	پڑنانا کے باپ کا پوتا
۱۲	علاتی بھائی اسیطرح شامل بھائی کی	۲۷	دادا کے بھائی کا بیٹا	۴۴	پڑنانا کے باپ کا پڑپوتا
۱۳	بھائی کا بیٹا اس طرح	۲۸	دادا کے بھائی کا پوتا	۴۵	پڑنانا کے باپ کا نواسہ
۱۴	بھائی کا پوتا	۲۹	دادا کی بہن کا بیٹا	۴۶	پڑپوتے کا بیٹا
۱۵	بھانجا	۳۰	دادا کے بھائی کا نواسہ	۴۷	پڑپوتے کا پوتا

نمبر		نمبر		نمبر	
۴۸	پڑپوتے کا پڑپوتا	۵۶	پڑدادا کے دادا کا پوتا	۶۴	اسکے بعد سمانودک اسی طرح چودہ پشت تک وارث بنتے ہیں۔
۴۹	پڑدادا کا باپ	۵۷	پڑدادا کے دادا کا پڑپوتا	۶۵	گرو
۵۰	پڑدادا کے باپ کا بیٹا	۵۸	پڑدادا کے دادا کا نواسہ	۶۶	شاگرد
۵۱	پڑدادا کے باپ کا پوتا	۵۹	پڑدادا کا پڑدادا	۶۷	ہم جماعت
۵۲	پڑدادا کے باپ کا پڑپوتا	۶۰	پڑدادا کے پڑدادا کا لڑکا	۶۸	ہم نام
۵۳	پڑدادا کے باپ کا نواسہ	۶۱	پڑدادا کے پڑدادا کا پوتا	۶۹	ایک مورث سے جو لوگ پیدا ہوئے
۵۴	پڑدادا کا دادا	۶۲	پڑدادا کے پڑدادا کا پڑپوتا	۷۰	برہمن جو شاستر پڑھا ہوا ہے
۵۵	پڑدادا کے دادے کا بیٹا	۶۳	پڑدادا کے پڑدادا کا نواسہ	۷۱	بادشاہ وقت

سلسلہ توریث ہنود مطابق دھرم شاستر دراوڈ

نمبر		نمبر		نمبر	
۱	بیٹا	۱۶	چچیرا بھائی	۳۱	چہارم سمانودک کا بیٹا
۲	پوتا	۱۷	دادا - دادا کا بھائی	۳۲	چہارم سمانودک کا پوتا
۳	پڑپوتا	۱۸	دادا کا بھتیجا	۳۳	پنجم سمانودک کا بیٹا
۴	زوجہ	۱۹	پڑدادا - پڑدادا کا بھائی	۳۴	پنجم سمانودک کا پوتا
۵	کواری دختر	۲۰	پڑدادا کا بھتیجا	۳۵	ششم سمانودک کا بیٹا
۶	بیاہی مفلس دختر	۲۱	پڑدادا کا چچا	۳۶	ششم سمانودک کا پوتا
۷	بیاہی مالدار دختر	۲۲	پڑدادا کا چچیرا بھائی	۳۷	ہفتم سمانودک کا بیٹا
۸	بیٹی کا بیٹا	۲۳	اخیر سپنڈ کا بیٹا	۳۸	ہفتم سمانودک کا پوتا
۹	باپ	۲۴	اخیر سپنڈ کا پوتا	۳۹	اپنے بندھو
۱۰	ماں	۲۵	اول سمانودک کا بیٹا	۴۰	باپ کے بندھو
۱۱	بھائی	۲۶	اول سمانودک کا پوتا	۴۱	ماں کے بندھو
۱۲	علاتی بھائی	۲۷	دوم سمانودک کا بیٹا	۴۲	اچاریہ
۱۳	بھتیجا	۲۸	دوم سمانودک کا پوتا	۴۳	ششیہ
۱۴	علاتی بھتیجا	۲۹	سوم سمانودک کا بیٹا	۴۴	برہمچاری
۱۵	چچا	۳۰	سوم سمانودک کا پوتا	۴۵	برہمن راجا

سلسلہ وارثان ہنود بموجب دھرم شاستر مرہٹہ

نمبر		نمبر		نمبر	
۱	بیٹا	۵	کواری دختر	۹	باپ
۲	پوتا	۶	بیاہی دختر مفلس	۱۰	ماں
۳	پڑپوتا	۷	بیاہی دختر مالدار	۱۱	بھائی
۴	زوجہ	۸	بیٹی کا بیٹا	۱۲	بھتیجا

۱۳	دادی	۱۸	سمانودک جہانتک نام یاد پڑے بذریعہ قرابت		
۱۴	بہن			۲۲	اچاریہ
۱۵	دادا - علاتی بھائی	۱۹	اپنے بندھو	۲۳	سشثیہ
۱۶	پڑدادا - چچا - علاتی بھتیجا	۲۰	باپ کے بندھو	۲۴	برہمچاری
۱۷	سات پشت سپنڈ بذریعہ قرابت	۲۱	ماں کے بندھو	۲۵	برہمن راجا

سلسلہ وارثان ہنود بموجب شاستر متھلا

۱	بیٹا	۷	ماں	۱۳	بعیدی سپنڈ
۲	پوتا	۸	باپ	۱۴	قریب سکولیا
۳	پڑپوتا	۹	نواسہ	۱۵	بعید سکولیا
۴	زوجہ	۱۰	بھائی	۱۶	ماموں وغیرہ
۵	کواری دختر	۱۱	بھتیجا	۱۷	برہمن راجا
۶	بیاہی دختر	۱۲	قریبی سپنڈ		——

سلسلہ وارثان ہنود مطابق شاستر بنارس

۱	بیٹا	۱۶	دادا	۳۱	پڑدادا کی پڑدادی
۲	پوتا	۱۷	چچا	۳۲	پڑدادا کا پڑدادا
۳	پڑپوتا	۱۸	چچیرا بھائی	۳۳	پڑدادا کے دادا کا بھائی
۴	زوجہ	۱۹	پڑدادی	۳۴	پڑدادا کے دادا کا بھتیجا
۵	کواری دختر	۲۰	پڑدادا	۳۵	اول سمانودک
۶	بیاہی مفلس دختر	۲۱	پڑدادا کا بھائی	۳۶	اول سمانودک کا بیٹا
۷	بیاہی مالدار دختر	۲۲	پڑدادا کا بھائی	۳۷	اول سمانودک کا پوتا
۸	نواسہ	۲۳	پڑدادا کی ماں	۳۸	اپنے بندھو
۹	ماں	۲۴	پڑدادا کا باپ	۳۹	باپ کے بندھو
۱۰	باپ	۲۵	پڑدادا کا بھائی	۴۰	ماں کے بندھو
۱۱	بھائی	۲۶	پڑدادا کا بھتیجا	۴۱	اچاریہ
۱۲	علاتی بھائی	۲۷	پڑدادا کی دادی	۴۲	سشثیہ
۱۳	بھتیجا	۲۸	پڑدادا کا دادا	۴۳	برہمچاری
۱۴	علاتی بھتیجا	۲۹	پڑدادا کا چچا	۴۴	برہمن راجا
۱۵	دادی	۳۰	پڑدادا کا چچیرا بھائی		۱۲

دیکھو پوستہ چندریکا جلد (۱) صفحہ ۲۰۴

تمت

تقریظیں

(۱)

الحمدللہ رب العلمین والعاقبۃ للمتقین والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین اما بعد خاکسار نے رسالہ خزینۃ المیراث مؤلفہ مولوی فتح دین خوشابی کا مطالعہ کیا جسقدر علم فرائض کے متعلق مختلف رسائل میری نظر سے گزرے ہیں۔ ان میں سے یہ رسالہ اپنی نوعیت میں بالکل نرالا ہے فاضل مؤلف نے مختلف جداول میں جہانتک ممکن ہوسکا ہے ایسی صورتیں مندرج کردی ہیں جو عام طور پر ممکن الوقوع ہوسکتی ہیں کسی صورت مسئلہ کا تلاش کرنا بالکل آسان کردیا ہے جس شخص کو علم فرائض کے ساتھ کچھ بھی مناسبت سو وہ بھی اس رسالہ سے پوری طرح مستفیض ہوسکتا ہے۔ میرے خیال میں یہ رسالہ ہر طبقہ کے تعلیم یافتہ اصحاب کے لئے ازبس ضروری ہے۔ قانون پیشہ اصحاب کو بھی حضرت مؤلف کا ممنون احسان ہونا چاہیئے۔ کیونکہ انہوں نے ایک آسانی کی صورت پیدا کردی ہے۔ (خاکسار اصغر علی روحی عفا اللہ عنہ)

(۲)

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ نحمدہ ونصلی علیہ مصنف علام نے ضرورت زمانہ کے مطابق تشریح مسائل مہمہ میں بہت عرق ریزی فرمائی ہے۔ اور مسائل معضلہ کو اچھی طرح حل فرمایا ہے۔ مقبول عام وخاص ہونیکے لائق ہے۔ فقیر کی یہ دعا ہے کہ خدا تعالےٰ مصنف علام کو خدمت دینیہ کا اجر عظیم عنایت فرمائے اور ہر طبقہ کے لوگ اس سے فائدہ اٹھائیں۔

(فقیر غلام مرشد کان اللہ لہ خادم دار العلوم نعمانیہ۔ لاہور)

(۳)

کتاب ہذا عجیب تحفہ ہے کہ اردو خواں ناعربی دان بخوبی اس سے مطالب حل کرسکتے ہیں کسی استاد کی جو عربی دان ہو ضرورت نہیں پڑتی مصنف علام نے اس میں ایک ایسی خوبی رکھی ہے جو اس سے پہلے کسی مصنف فرائض کو نہ سوجھی اور نہ خواب میں نظر آئی کل کتب فرائض اس خوبی سے معرا وخالی ہیں۔ وہ یہ ہے کہ کسی صورت کے حل کرنے کی ضرورت نہیں رہتی جمیع صور حل شدہ اس سے مل سکتی ہے۔ جو صورت تم فرض کرو اور خیال میں لاؤ اس کا جواب حل شدہ اس سے دیکھ لو مؤلف نے اس کی تالیف میں عرق ریزی اور جانفشانی کی ہے جزاہ اللہ عنا خیر الجزاء وجعل الجنۃ لہ المثوٰی۔

(حررہ محمد عالم امام مسجد گمٹی بازار لاہور ومدرس مدرسہ نعمانیہ لاہور)

(۴)

کتاب خزینۃ المیراث واقعی اسم بامسمی ہے۔ عام صور مسائل میراث جنکی گاہ گاہ ضرورت پڑتی ہے سب اس میں حل شدہ موجود ہیں۔ اس کتاب کے ہوتے ہوئے زیادہ غور وخوض کی ضرورت نہیں رہتی اس لئے ہر مسلمان خصوصاً اہل علم وعلماء صاحبان کو اس کتاب کا پاس رکھنا ضروری ہے۔ (حررہ العاجز ابو محمد احمد عفی عنہ امام مسجد صوفی لاہور)

(۵)

میں نے کتاب خزینۃ المیراث کو بہت قابل قدر پایا۔ خدا تعالےٰ اس کے مصنف علام اور موحد فہام کو جزائے خیر عطا فرمائے جنہوں نے ہر معلم و متعلم پر تا قیامت احسان فرمایا اور اس اہم علم میراث کو نہایت پیرائے میں آسان کردیا۔

(ظفر الدین بن مولوی نعم الدین حنفی الاہوری امام وخطیب مسجد خراسیاں لاہور)

تقریظیں

(۱)

الحمد للہ والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ المجتبیٰ۔ اما بعد جسقدر کتب علم الفرائض کے متعلق میری نگاہ سے گذری ہیں۔ وہ تمامی درس وتدریس کے سلسلہ کی ہیں یعنی خواص علماء کے استفادہ کے سوا عوام عمل میں نہیں لا سکتے۔ یہی ایک کتاب خزینۃ المیراث اسم بامسمیٰ مؤلفہ مولوی فتح دین مرحوم کی مسائل وراثت میں عوام وخواص کیلئے حقوق العباد کی تقسیمات شرعیہ میں کافی شافی ہیں۔ حقوق اللہ سے حقوق العباد عملاً مستقدم ہیں۔ اور اسلام کے سوا اس مسئلہ کو جیسا کہیں کسی مذہب نے طے نہیں کیا۔ اسی ہر قوم میں تنازعات کی بنیاد مالی وودلت ہے۔ اور اگر خدا ترسول ہر مسلمان کا ایمان ہے۔ تو اس پر عمل کیلئے دین ودنیا میں باعزت اور مقدرات کا قائمہ اور مساوات کا پہلو نمایاں۔ حتیٰ کا اسباب معیشت کا ممشقت۔ بہاں ہر جگہ صورت مسلم وراثت کو فہرست کی شکل میں آپ پائیں گے جس عرقریزی سے یہ کتاب لکھی گئی ہے۔ دعاہے۔ کہ مقبول عام ہو۔ اور مصنف کیلئے عاقبت میں موجب نجات ہو۔ جزاء اللہ خیر الجزاء
(عبید اللہ پروفیسر عربی اسلامیہ کالج)

(۲)

کتاب ہٰذا عجیب تحفہ ہے۔ کہ اردو خواں ناعربی دان بخوبی اس سے مطالب حل کر سکتے ہیں۔ کسی استاد کی جو عربی دان ہو ضرورت نہیں پڑتی مصنف علام نے اس میں ایک ایسی خوبی رکھی ہے۔ جو اس سے پہلے کسی مصنف فرائض کو نہ سوجھی اور نہ خواب میں نظر آئی کل کتب فرائض اس خوبی سے معرا وخالی ہیں۔ وہ یہ ہے۔ کہ کسی صورت کے حل کرنے کی ضرورت نہیں رہتی جمیع صور حل شدہ اس سے مل سکتی ہیں۔ جو صورت تم فرض کرو اور خیال کرو اس کا جواب حل شدہ اس سے دیکھ لو۔ مولف نے اس کی تالیف میں عرقریزی اور جانفشانی کی ہے۔ جزاہ اللہ عنا خیر الجزاء وجعل الجنۃ لہ المثویٰ (حررہ محمد عالم امام مسجد گمٹی بازار لاہور ومدرس مدرسہ نعمانیہ لاہور)

(۳)

احقر نے اکثر مقامات سے خزینۃ المیراث کا بغور مطالعہ کیا واقعی اسے اسم بامسمیٰ پایا امید واثق ہے۔ کہ کتاب موصوف اردو دان اصحاب کیلئے استاد کامل کا کام دیگی اور طلمائے کرام کیلئے تقسیم میراث کے فرض تعلیمی اوا کرنے میں بہترین معاون ثابت ہوگی۔ بارگاہ ایزدی سے متدعی ہوں کہ مصنف نے جس قدر اخلاص سے عرقریزی کی ہے۔ مخلوقات کے استفادہ سے صاحب موصوف کے نامہ اعمال میں برکات الی یوم التناد ثبت ہوتی رہیں آمین ۔ راقم الحروف عاکف بیت اللہ محمد علی عفی عنہ مقیم شیرانوالہ دروازہ لاہور)

(۴)

مصنف علیہ الرحمۃ نے اس رسالہ فیض نوالہ فرائض کو ادیۓ جدید ومفید پیرایہ میں تالیف فرمایا ہے۔ کہ ہر خاص وعام کو لیے جدید ترجمان نظر آیا ہے۔ پس کسی معلم کو تعلیم وتعلیم فن ہٰذا کی حاجت اصلاً ومطلقاً باقی ہے۔ شعر جنیے تجویز تادید درجہانے خریداش شود ہر کس بجانے ۔ مصنف باہر وروشن ضمیر است ۔ معاون بحدیں خوش دستگیر ست ۔ فبناء علی اللسان قلمی قلم لسانے انہ لقول فصل ۔ وما ھو بالھزل جزاہ اللہ خیر الجزاء علی ما حققہ وسعی ۔ خادم العلماء الابرار محمد یار عفی عنہ امام وخطیب دمفتی مسجد طلائی لاہور بقلمہ)

(۵)

میں نے کتاب خزینۃ المیراث مولفہ مولوی فتح الدین صاحب خوشابی کو اول سے آخر تک مطالعہ کیا واقعی کتاب مذکور کو گنجینہ بے بہا پایا اگرچہ اس موضوع پر اور بھی کتابیں شائع ہوتی ہیں۔ لیکن تفہیم مسائل میں یہ کتاب اپنی نظیر نہیں رکھتی اس میں علم میراث کی چیدہ گھتیوں کو

اس تیزاتی سے حل کیا ہے۔ کہ معمولی اردو خواں طالب علم بھی اس سے کما حقہ فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ کتاب کیا ہے علم میراث کی جنتری ہے۔ جس مسئلہ کو دیکھنا ہو فہرست سے اس کی صورت کو دیکھا اور ہر ایک وارث کے حصص کو جدا گانہ پڑھ لیا۔ علاوہ ازیں طرز متقدمین کو کو بھی ہاتھ سے نہیں دیا۔ چنانچہ کتاب کے پہلے چند اوراق میں علمی پہلو سے ہر ایک مسئلہ کو سمجھایا ہے۔ مزید برآں آخری چند اوراق اہل ہنود کے قواعد میراث کو قلمبند کرکے اسے ہر پہلو سے مکمل کر دیا ہے۔ اور وراثت کے متعلق کسی دوسری کتاب کی ورق گردانی سے مستغنی کر دیا ہے۔ اگرچہ یہ کتاب وکلاء علماء طلباء کیلئے خاص طور سے مفید ہے لیکن میرے خیال میں ہر شہر اور ہر قصبے بلکہ ہر اردو خوان اصحاب کے پاس اس کا موجود ہونا ضروری ہے۔ خداوند تعالیٰ کی درگاہ میں دعا ہے۔ کہ اللہ تعالےٰ ہم سب مسلمانوں کو شریعت حقہ کے مطابق عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

(محمد مراد علی خاں منشی فاضل مدرس مدرسہ اسلامیہ شاہ پور صدر)

(۶)

حامداً ومصلیاً۔ کتاب خزینۃ المیراث مولفہ مولوی فتح دین صاحب خوشابی میں نے بنظر سرسری اول سے آخر تک دیکھی۔ میری رائے میں واقعی یہ کتاب ایک نہایت مفید اور ضروری تالیف ہے۔ اور مولف موصوف نے علم الفرائض جیسے اہم اور مشکل مضمون کو ایسے سہل اور آسان طریق پر سوال قلم فرمایا ہے۔ بایدو شاید جزاہ اللہ خیر الجزاء۔
ان علماء کیلئے جو مسائل فرائض کے استخراج پر کما ینبغی قدرت نہیں رکھتے۔ عموماً اور وکلاء کیلئے خصوصاً یہ کتاب ایسی مفید کار آمد ہوگی۔ اور عام تعلیمیافتہ صاحبان کیلئے بھی اس کی خریداری خالی از منفعت نہ ہوگی کیونکہ معاملات وارثت میں بلا کسی قسم کی دقت کے یہ بمنزلہ ایک خانگی معلم کے تصور ہوگی۔
مولف ممدوح نے نہ صرف علم الفرائض مطابق مذہب اہل سنت والجماعت ہی طرز جدید پر لکھا ہے۔ بلکہ مسائل فرائض مذہب فرقہ امامیہ بھی ضبط تحریر فرمایا ہے۔ اور آخر کتاب میں طریق توریث الہنود بھی موافق دھرم شاستر خلاصہ لکھ دیا ہے الغرض مولوی صاحب کی عرقریزی اور جانفشانی کتاب ہٰذا کی تالیف میں خاص قابل قدر افزائی ہونی چاہیے۔

(خاکسار محمد فضل الدین منشی فاضل وکیل ہائیکورٹ لاہور پنجاب)